THE YOUTH INTERNATIONAL MAGAZINE

National Day of Saudi Arabia

SPECIAL SPUPPLEMENT

Heartiest felicitations to his Majesty King Fahd, The Honourable Govt. and the People of Saudi Arabia on the Happy occasion of Kingdom of Saudi Arabia's National Day the 23rd September 1991

Al-Qadri Trading Corporation

Manufacturers, Exporters and Importers

DEALING IN : All Forceses Compleat uniforms, Hospital Bedding Clothing Garaments, Bandage, Guaze, Bed sheets, Towels, Kitchen Towels Dusters Cotton Cloth and Grey Cloth.

P.O. BOX : 2441 LAHORE PAKISTAN

Fly Saudia to the Land of Faith




The performance of Umrah is a wish very dear to the hearts of all devoted Muslims. And for a truly pleasant journey to the Holy Places, there can be no better choice than Saudia.

Saudia provides you with the ideal Umrah flight — from the special travel prayer before take-off, to the announcement of Mikat Al-Ihram before landing.

So for this all-important journey, make an all-important choice. Fly Saudia.

For more information and reservation, please call your travel agent or Saudia's reservation offices.

saudia
SAUDI ARABIAN AIRLINES
Ahlan Wasahlan

SV 2 91
ORIENT

Heartiest Greetings to

KING
FAHD BIN ABDUL AZIZ
AND THE BROTHERLY PEOPLE OF
SAUDI ARABIA
ON THEIR NATIONAL DAY

Mohammad Siddique Khan

CHAIRMAN

Pakistan Overseas Employment Promoters Association

Propritor AL-SIDDIQUE CORPORATION (PVT) LTD.

D D-124, Shamsabad
Rawalpindi - Pakistan
P.O. Box 1063

Off : 421371 - 840573 - 421372
Res : 843952
Tlx : 54370 SIDIQ PK.

Fax : 9251 - 844501

نوجوان نسل کا اردو، انگریزی
زبان میں شائع ہونے والا واحد
بین الاقوامی جریدہ

آڈٹ بیرو آف سرکولیشن
گورنمنٹ آف پاکستان وزارتِ
اطلاعات و نشریات سے باقاعدہ
تصدیق شدہ آشاعت (ABC)

ایڈیٹر انچیف: محمد صدیق القادری

ایڈیٹر اعزازی: [illegible]

اسسٹنٹ ایڈیٹر: غلام مرتضے القادری، مس روبینہ

تزئین و آرائش: خلیل شاہد

خطاطی: محمد یوسف گوندل

فوٹو گرافر: فرمان قریشی، صغیر احمد، تبسم

ایکسپورٹ مینجر: تنویر صدیق

سرکولیشن مینجر: توصیف القادری

فی شمارہ ۳۰ روپے

یوتھ انٹر نیشنل میگزین پوسٹ بکس ۲۳۴۶ لاہور پاکستان پبلیشر محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹر رائل پارک لاہور سے چھپوا کر ایوان اوقاف بلڈنگ نزد پرانا سٹیٹ بنک شاہراہ قائداعظم لاہور پاکستان سے شائع کیا۔

جلد نمبر ۳ شمارہ نمبر ۱۰ ماہ اکتوبر ۹۱

اس شمارے میں

اداریہ ۵
پاکستان اور مالدیپ میں سعودی عرب کے سفیر سید یوسف المطبقانی سے گفتگو ۷
پاک سعودیہ دوستی کے لازوال رشتے ۱۳
شاہ فہد کا تدبر اور سعودی عرب کا عالمی کردار ۲۳
شہید ضیاء الحق (تحریر اعجاز الحق) ۲۹
وفاقی وزیر مذہبی امور مولانا عبد الستار خان نیازی کے اعزاز میں تقریب ۳۷
فلم ۴۰

اداریہ

جہاں عالم اسلام کے مشترکہ مفادات کیلئے اسلامی کانفرنس تنظیم، رابطہ عالم اسلامی، درالمال اسلامی جیسی تنظیمی اسلامی دنیا میں سرگرم عمل ہیں وہاں مسلم نوجوانوں کے مشترکہ مفادات کے تحفظ کیلئے ٹھوس منصوبہ بندی اور جامع پروگرام کی بھی ضرورت ہے عالم اسلام اپنے مسلم یوتھ کی ذہنی، جسمانی نشوونما اور بین الاقوامی تبدیلیوں کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنے فرائض میں مسلسل غفلت برت رہا ہے۔

حالانکہ یہ ایک حقیقت ہے مسلم یوتھ عالم اسلام کا انتہائی قیمتی سرمایہ اور اثاثہ ہے آئندہ عالم اسلام کو درپیش مسائل انہی یوتھ نے کرنا ہے۔ نئی نسل عالم اسلام کے علمبرداروں سے پوچھنے کا حق رکھتی ہے کہ انہیں کیا مستقبل دیا گیا ہے۔

جبکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ عالم اسلام کے یوتھ کی فلاح و بہبود کیلئے ٹھوس منصوبہ بندی اور جامع پروگرام تشکیل دے کر مسلمانوں کی نئی نسل کو بہترین مستقبل دینے کی پیش رفت کی جائے

اقوام مسلم کے قائد خادم الحرمین شریفین شاہ فہد کی خدمت اقدس میں گذارش ہے کہ مسلم یوتھ کی بے راہ روی، مذہب سے دوری کے اسباب کا جائزہ لیں۔

مسلم یوتھ کو غیر مسلم اور اسلام دشمن قوتوں کے زیر اثر جاتے سے بچانے کیلئے اپنا رول ادا کریں بین الاقوامی سطح پر عالم اسلام کے یوتھ کیلئے فلاحی بنیادوں پر ایسا ادارہ قائم کریں۔ جو یوتھ کی فلاح و بہبود اور ذہنی و اخلاقی تربیت کیساتھ ساتھ مذہب سے محبت پیدا کرنے میں مدد دے تاکہ امت مسلمہ کو درپیش چیلنج کا مقابلہ کرنے کیلئے مسلم یوتھ کو تیار کیا جاسکے۔

ایڈیٹر انچیف

محمد صدیق القادری

خصوصی اشاعت.......... برائے.......... قومی دن سعودی عرب

روشن مستقبل کی تلاش میں سعودی عرب کی کاوشیں

سعودی عرب کے قومی دن پر پاکستان اور مالدیپ میں سعودی عرب کے سفیر

عزت ماب السید یوسف محمد المطبقانی کی خصوصی گفتگو

یہ امر ہمارے لیے خوشی و مسرت اور عزو افتخار کا باعث ہے کہ آج ہم سعودی عرب کا قومی دن منا رہے ہیں جو ۲۳ ستمبر ۱۹۲۳ء کو توحید کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا۔ جسکی بنیاد بطل جلیل شاہ عبدالعزیز آل سعود مرحوم و مغفور نے رکھی، اور ان کے جانشین ان کے نقش قدم پر چلتے رہے اللہ کے فضل و کرم سے خیر و

برکت کا دور دورہ ہوا اور سعودی عرب تعمیر و ترقی کی راہ پر گامزن اور بیسویں صدی میں ایک روشن باب کا اضافہ ہوا کہ سعودی عرب نے ایسے علاقے میں کتاب و سنت کا نظام قائم کیا جو عرصے دراز سے بدامنی اور بد حالی کا شکار تھا اور وہاں ترقی و تعمیر نام کی کوئی چیز موجود نہ تھی۔

سعودی عرب کی پالیسی ہمیشہ دانشمندی نرمی اور مثبت پہلوؤں پر مبنی رہی ہے۔یہی وجہ ہے کہ سعودی عرب کو ملت اسلامیہ میں بڑا معزز مقام حاصل ہوا کیونکہ وہ ملت اسلامیہ کا دھڑکنے والا دل ہے سعودی عرب کی حکومت حرمین شریفین شاہ فہد اور ان کے ولی عہد کے احکام و فرامین کی روشنی میں اسلام اور مسلمانوں کی خدمت اور وحدت اسلامیہ کو مستحکم بنانے میں گامزن رہی ہے سعودی عرب کی حکومت کی سیاست کا مرکز و محور وحدت اسلامیہ کا استحکام رہا ہے تاکہ امت اسلامیہ اپنے بلند تر مقام کو حاصل کر سکے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے (تم بہترین امت ہو جو لوگوں کیلئے نکالی گئی ہو تو بھلائی کی دعوت دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو) (سورۃ آل عمران

۱۱۰)

سعودی عرب کے عظیم الشان کارناموں اور عدیم المثال خدمات کا اندازہ کرنا ہو تو آدمی اپنے ذہن اور حافظے کو اس دور کی طرف لیکر جائے جس میں سعودی حکومت قائم ہوئی اس دور کے حالات، داخلی اور بین الاقوامی سطح پر پائے جانے والے جھگڑے جن کی وجہ سے ملکی اور بین الاقوامی دونوں سطحوں پر کشمکش پائی جاتی تھی سعودی عرب کے نرم پالیسی نے ہمیشہ حکمت عملی اور راست اقدام سے کام لیا باہمی اخوت و محبت اور اتحاد و اتفاق کے استحکام کیلئے عربی اسلامی اور بین الاقوامی سطح پر کوشش کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ سعودی عرب کی قیادت نے اختلافات ختم کرنے باہمی رنجشوں کو دور کرنے اور اتحاد کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کیلئے زبردست خدمات سر انجام دیں۔ جسکی بیشمار مثالیں موجود ہیں جن سے ہر انسان واقف ہے خواہ وہ پچاس کے عشرے میں خود ان مشکل ترین حالات سے گزرا ہو یا تاریخ کے حوالے سے انہیں پڑھا ہو ہر مقام پر اللہ تعالیٰ کی توفیق سعودی عرب کے شامل

پاکستان نے حکومتی اور عوامی سطح پر حق کا ساتھ دیا

حال رہی انصاف کا تقاضا یہ ہے کہ ہر مسئلے کو الگ الگ غور و تامل سے دیکھا جائے تاکہ اس سلسلہ میں کی جانے والی کوششوں اور مثبت نتائج کی صحیح صورتحال سامنے آسکے سعودی عرب نے تعمیر و ترقی کے مراحل اسلامی شریعت کے بنیادی اصولوں کے مطابق طے کیے لہذا سعودی عرب کی اجتماعی زندگی میں بڑا زبردست انقلاب آیا اس عرصے میں ایسا امن قائم ہوا جس کی موجودہ دور کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی اسی لئے تعاون کرنے میں بڑی فیاضی سے کام لیا یہاں تک کہ یہ بات اظہر من الشمس ہو گئی کہ سعودی عرب حق خودارادیت کیلئے ظلم و ستم اور تشدد کے خلاف ہر قسم کا تعاون کرنے والا ملک ہے جسکی وجہ سے امت مسلمہ نے اس پر اپنی محبت اور خراج عقیدت کو نچھاور کیا اور دنیا میں اسے عزت کی نگاہوں سے دیکھا جانے لگا جب یہودیوں نے ۱۹۶۹ء میں مسجد اقصیٰ کو جلایا تو سعودی عرب نے اس شرمناک جرم کے خلاف امت مسلمہ اور عالم دنیا کو باخبر کرنے میں پہل کی یوں عالم اسلام اور عالم دنیا کا شعور بیدار کرنے کا اعزاز سعودی عرب کو حاصل ہوا جسکے نتیجے میں رباط کانفرنس منعقد ہوئی جہاں اسلامی کانفرنس کی بنیاد رکھی گئی جسکے دوران القدس کمیٹی معرض وجود میں آئی جس مسجد اقصیٰ کو یہودیوں کے پنجے سے واگزار کروانے، اس کے آثار اور تاریخی حیثیت کو برقرار رکھنے کیلئے سرگرم رہی۔

سعودی عرب کی حکومت اور عوام کی

سعودی عرب کے سفیر یوسف محمد الطیلانی صدر پاکستان غلام اسحاق خان سے ملاقات کرتے ہوئے

مورخین نے سعودی عرب کے بانی کو قائد بہادر اور عظیم حکمران کے القاب سے نوازا۔ جو اخلاق حسنہ کے پیکر عظیم دانشور اور راست اقدام پر پوری قدرت اور مہارت رکھتے تھے اور یہی چیز سعودی عرب کی پالیسی کی اساس اور بنیاد ہے جسے اسکی دانشمند قیادت نے اسلامی اور عربی اقدام کی بہتری باہمی اتحاد و اتفاق اور خوشحالی و ترقی کیلئے اپنایا۔

سعودی عرب نے امت مسلمہ کے مسائل میں گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا جن میں بڑے بڑے مسئلے مسئلہ فلسطین افغانستان اور مسلم اقلیتوں کے مسائل شامل ہیں بین الاقوامی سطح پر اجتماعات میں بھرپور کوششیں صرف کی مالی

مجاہدین کی اسلامی حکومت قائم کرنے میں خادم حرمین شریفین شاہ فہد کا سفارت خانہ بڑی حکمت عملی سے دانشمندانہ اقدام کی معاونت کررہا ہے

جانب سے بارہ سال کے عرصے میں جہاد افغانستان کیلئے جو تعاون کیا گیا وہ ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اس تعاون کا ایک نمایاں پہلو یہ بھی ہے کہ اسے خادم حرمین شریفین شاہ فہد اور انکے ولی عہد کی سرپرستی حاصل رہی مجاہدین افغانستان اللہ کے فضل و کرم اور سعودی عرب و پاکستان کے تعاون سے روسی افواج کو افغانستان سے نکال باہر کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ سعودی عرب نے اس جہاد میں مالی و جانی ہر دو طرح سے اپنی رضا، ورغبت اور اللہ تعالیٰ کہ اس فرمان کے پیش نظر حصہ لیا (اور جہاد کرو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ یہ تمہارے لئے سب سے بہتر ہے اگر تمہیں اسکا علم ہو)

سورۃ التوبۃ ایت ۴۱

اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے (اور ان سے اس وقت تک لڑائی کرو جب تک فتنہ فرو نہیں ہو جاتا اور صرف اللہ کا دین باقی نہیں رہ جاتا) سورۃ البقرۃ ایت ۱۹۳

سعودی عرب کا تعاون ان سرگرمیوں میں بھی رہا

جو سعودی امدادی کمیٹی سر انجام دیتی رہی جس کا کام مجاہدین کو مسلح کرنا انکے گھروں کی حفاظت کرنا، یتیموں کی کفالت اور تعلیم کا بندوبست کرنا شہدا کے خاندانوں کی سرپرستی کرنا معذوروں کو سہارا دنیا بیواؤں کا بوجھ اٹھانا اور انہیں تعلیم دنیا، مسجدیں اور مدارس تعمیر کرنا کنویں کھودنا زخمی مجاہدین کا پاکستان اور سعودی عرب میں علاج کرنا مہاجر مریضوں کا علاج کرنا بے سہاروں کو سہارا دینا مسکینوں کو کھانا کھلانا پناہ گزینوں کو پناہ دینا اور مبلغین کو تنخواہ دینا وغیرہ۔

اس کے پہلو بہ پہلو سعودی عرب کے رفاہی ادارے اور کار خیر میں حصہ لینے والے بیشمار لوگ مجاہدین اور پناہ گزین مجاہدین کی امداد کر رہے ہیں۔

ان مقاصد اور دور رس نتائج کی روشنی میں سعودی عرب جہاد افغانستان کی معاونت میں جاری وساری ہے اور متعدد پروگرام بنائے جا رہے ہیں کہ اب اعلیٰ پیمانے پر افغانستان کی تعمیر نو کی جائے تاکہ ایک برادر ملک کی رونقیں دوبارہ لوٹ آئیں یہ بات قابل فخر ہے کہ مجاہدین کی حکومت کو سب سے پہلے سعودی عرب نے تسلیم کیا جسکی وجہ سے جہاد افغانستان کو بڑی اہمیت حاصل ہوئی اور اس کے تعاون میں بیش بہا اضافہ ہوا اسی طرح سعودی عرب نے اسلامی کانفرنس کے وزراء خارجہ کے ۱۸ کانفرنس میں مجاہدین کی عبوری حکومت کو سیٹ مہیا کی اس سلسلہ میں سعودی عرب کے وزیر خارجہ نے مرکزی کردار ادا کیا بیشمار مذاکرت کیے اس طرح مجاہدین کو ان کا اصل مقام حاصل ہوا اور کابل کی کٹھ پتلی حکومت کو معطل کرنے میں سعودی عرب کی پالیسی کامیابی سے ہمکنار ہوئی۔

کویت کی آزادی میں شاہ فہد نے تاریخ ساز کردار ادا کیا سعودی عرب کی قیادت نے باہمی اخوت و محبت اتحاد و اتفاق کے استحکام کیلئے زبردست خدمات سر انجام دی

یہاں یہ بات بڑی اہمیت کی حامل ہے کہ دو سال سے زائد عرصہ سے مجاہدین باہمی اختلافات کا شکار ہیں اختلافات ایک طبعی چیز ہے مگر ان واقعات کے پس پردہ خارجی استعمار کارفرما ہے جس سے جہاد کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے اس سلسلہ میں سب سے پہلے جس نے اسلامی و دینی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے مسئلہ افغانستان کو بہتری باہمی اختلافات کو رفع کرنے اور مجاہدین میں اتحاد و اتفاق کی فضا پر برقرار رکھنے کی کوشش کی وہ سعودی عرب ہی ہے جس نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر لبیک کہتے ہوئے یہ کارنامہ سرانجام دیا فرمان باری تعالیٰ ہے (بیشک تمام مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں اپنے بھائیوں کے مابین اصلاح کی کوشش کرو) سورۃ الحجرات ایت ۱۰۔

خصوصاً موجودہ حالات جن سے افغانستان گزر رہا ہے یہ مجاہدین کے باہمی اختلافات کے

متحمل رہی نہیں اب تو اتحاد و اتفاق کی شدید ضرورت ہے تاکہ مجاہدین اسلامی حکومت قائم کرکے اپنے خوابوں کی تعبیر حاصل کرلیں اس سلسلہ میں خادم حرمین شریفین شاہ فہد کی خصوصی دلچسپی سے پہلے پرنس ترکی الفیصل اور پھر ڈاکٹر عبداللہ عبدالمحسن الترکی کی قیادت میں سعودی وفد مسئلہ کنٹر کو خوش اسلوبی سے حل کرنے میں کامیاب ہوئے پاکستان میں خادم حرمین شریفین کا سفارت خانہ بڑی حکمت عملی سے دانشمندانہ اقدام کی معاونت کرتا رہا ہے۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ۲ اگست ۱۹۹۰ء کو عراقی جارحیت اور ستم رسانی کے گھناونے جرم نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا تھا عراقی جارحیت صرف کویت تک ہی محدود نہ رہی بلکہ اس نے اپنی فوجیں سعودی عرب کی سرحدوں پر لاکھڑی کیں جو سعودی عرب کے امن و استحکام کیلئے چیلنج بن گئیں تو سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے خادم حرمین شریفین اور ان کے ولی عہد کی قیادت میں تاریخی موقف اختیار کیا جو اسکی دانشمندانہ مضبوط پالیسی کے مطابق اور کتاب و سنت کے موافق تھا کہ مظلوم کی مدد اور ظالم کو ظلم سے روکنا چاہے یہ بات تاریخ کے ریکارڈ پر ہے کہ سعودی عرب نے مسئلہ خلیج کے پرامن حل کیلئے پانچ ماہ سے زیادہ عرصہ بہت زیادہ دوڑ دھوپ کی تاکہ جارح اپنی جارحیت سے باز آکر توبہ تائب ہو جائے اور جنگ تک نوبت نہ پہنچے مگر وہ سرکشی پر تل گیا اور کویت سے اپنی فوجوں کی واپسی اور کویت کو حق خودارادیت دینے کی سعودی عرب کی پیشکش کو ٹھکرا دیا کیونکہ وہ شروع سے ہی تباہی و بربادی اور جنگ کا دلدادہ رہا ہے ابھی ایران کی جنگ ختم نہیں ہوئی تھی کہ پوری دنیا کے ساتھ محاذ جنگ کھول دیا سعودی عرب کی بین الاقوامی قدرو منزلت کی وجہ سے اسلامی عربی اور دنیا بھر کے ممالک نے اسکی آواز پر لبیک کہتے ہوئے سعودی عرب کے دفاع اور کویت کی بحالی اور حق خوارادیت کیلئے تعاون کیا پاکستان نے حکومتی اور عوامی سطح پر حق کا ساتھ دیا جارحیت اور اس کے نتائج کی مذمت کی اور اقوام متحدہ کی قرار دادوں کو تسلیم کیا اسی طرح جمہوریہ مالدیپ نے بھی جارحیت کی مذمت کی اور کویت سے عراقی فوجوں کی واپسی کی بین الاقوامی قرار دادوں کی حمایت کی۔

یہ بھی سب کو معلوم ہے کہ افغانستان میں اس جارحیت کے خلاف شدید رد عمل کا مظاہرہ ہوا اور مجاہدین کی حکومت نے جارحیت کے خلاف کویت کی بحالی کیلئے اپنی فوج روانہ کی۔

یہ اللہ تعالیٰ کی نصرت سے جارحیت کے بادل چھٹ گئے اور خلیجی بحران نے یہ ثابت کر دیا کہ سعودی عرب کی نرم اور دانشمندانہ پالیسی نے اللہ کے فضل و کرم سے معرکہ سر کر لیا اور

سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے بارہ سال جہاد افغانستان میں فراخدلانہ تعاون کیا

کویت اپنے اصل حقدار حکمرانوں کی قیادت میں بحال ہو گیا۔

سعودی عرب آج بھی اپنی دانشمندانہ قیادت کے زیر سایہ ترقی و تمدن کی طرف رواں دواں ہے اور پوری گرم جوشی کیساتھ اپنے تابناک ماضی میں مزید کارناموں کا اضافہ کر رہا ہے۔

سعودی عرب کی حکومت اور عوام نے عراقی جارحیت اور ستم رسانی کے گھناؤنے جرم

کے خلاف خادم حرمین شریفین اور ولی عہد کی قیادت میں تاریخی جرأت مندانہ موقف اختیار کیا



خصوصی تحریر
محمد صدیق القادری
ایڈیٹر انچیف

پاک سعودیہ دوستی کے لازوال رشتے

پاکستان اور سعودی عرب دوستانہ تعلقات کے لازوال رشتوں میں منسلک ہیں دونوں برادر اسلامی ملکوں نے ہمیشہ ہر مشکل وقت میں ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیا ہے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان " تاریخی، مذہبی، ثقافتی، سیاسی، اور تجارتی سطح پر برادرانہ تعلقات کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے صدیوں پرانی اس گہری وابستگی کی بنا پر آج یہ دونوں ملک امت مسلمہ کی تمام تر توقعات کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔

محل وقوع کے اعتبار سے عظیم قابل فخر برادر اسلامی ملک سعودی عرب دنیا کے نقشے پر مرکزی حیثیت کا حامل ہے سعودی عرب کے شمال میں عراق، کویت اور اردن کی سرحدیں ملتی ہیں جنوب میں یمن اور سلطنت اومان کی سرحدیں ہیں مشرقی سرحد میں بحرین اور قطر کی ریاستیں اور مغربی سرحد بحیرہ احمر سے ملتی ہے۔

۲۳ ستمبر ۱۹۳۲ء کو دنیائے اسلام

۲۳ ستمبر کو سعودی بھائی قومی دن کے طور پر مناتے ہیں

کے عظیم مدبر سعودی سلطنت کے بانی مرحوم شاہ عبدالعزیز بن سعود نے سعودی عرب میں تمام قوانین کو قرآن و سنت کے تابع کر کے اسلامی نظام حیات کی بنیاد رکھی یہ مملکت توحید کے نام پر قائم ہوئی ۲۳ ستمبر کو ہر سال سعودی بھائی اس عظیم دن کی یاد مناتے ہوئے اپنا قومی دن قرار دیتے ہیں۔

سعودی عرب کے موجودہ فرمانروا امت مسلمہ کے عظیم قائد خادم الحرمین ا شریفین عزت ماب شاہ فہد بن عبدالعزیز السعود ہیں ولی عہد شہزادہ عبداللہ بن السعود ہیں الریاض سعودی عرب کا دارالحکومت ہے۔ مکہ مکرمہ سعودی عرب کا سب سے اہم اور امت مسلمہ کا مقدس ترین شہر ہے۔ اس شہر میں مسلمانوں کا سب سے بڑا اور اہم مرکز خانہ کعبہ ہے۔ یہ شہر رسول پاک کا جائے ولادت بھی

صدر پاکستان غلام استحاق خان کے مجوزہ دورہ سعودی عرب کو سفارتی حلقے بڑی اہمیت دے رہے ہیں

ہے۔ رسول مقبول پر پہلی وحی اس شہر میں نازل ہوئی تھی اس شہر میں ہر سال پاکستان سمیت پوری دنیا سے لاکھوں فرزندان توحید حج بیت اللہ کے لیے اکھٹے ہوتے ہیں۔ مدینہ منورہ سعودی عرب کا اہم شہر ہے۔ یہ شہر دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس اور روحانی اہمیت کا حامل ہے۔ روضہ رسول اللہ مسجد نبوی مدینہ منورہ میں واقع ہے۔ جہاں رہتی دنیا تک انسانیت کے لیے روحانی فیض اور اللہ کی رحمتوں کا خزانہ ملتا رہے گا جدہ سعودی عرب کی بندرگاہ ہے۔ مکہ مکرمہ روانہ ہونے کے لیے حجاج اکرام یہاں سے گزر کر جاتے ہیں دمام سعودی عرب کا اہم صنعتی شہر ہے تیل نکالنے کا سب سے بڑا اہم علاقہ ہے۔

سعودی عرب کے دستور کی احساس قرآن وسنت ہے آل سعود کی اسلام سے بے پناہ محبت کرنے والی فعال اور متحرک قیادت نے معاشی ترقی کی منزلیں بڑی تیزی سے طے کر کے سعودی عرب کو دنیا کی جدید اسلامی ، فلاحی، مملکت میں تبدیل کر دیا ہے زندگی کے ہر شعبہ میں سعودی عوام کی ترقی و خوشحالی



انتہائی حوصلہ افزا اور قابل تعریف ہے۔

اللہ کے فضل سے آج سعودی عرب گندم کی پیداوار میں نہ صرف خود کفیل ہے بلکہ دیگر ممالک کو بھی بڑی وافر مقدار میں برآمد کرتا ہے۔

سعودی عرب نے دنیا بھر کے مسائل کے حل میں بین الاقوامی برادری میں بڑا اہم اور تاریخی کردار ادا کیا ۱۹۸۱ء میں عزت ماب شاہ فہد بن عبدالعزیز کی ذاتی کوششوں اور کاوشوں سے چھ ملکوں کی خلیج کواپریشن کونسل (GCC) کا قیام عمل میں لایا گیا۔ سعودی عرب بین الاقوامی پلیٹ فارم، اقوام متحدہ، عرب لیگ، اسلامی کانفرنس تنظیم اور ایپکا سمیت تمام عالمی اداروں میں حق وصداقت اور انصاف کی سربلندی مظلوم قوموں کی حمائت ، ایٹمی ہتھیاروں کی پھیلاؤ کو روکنے اور عالمی قیام امن کے فروغ میں عالمگیر تاریخی کردار ادا کر رہا ہے۔

سعودی عرب کے دستور کی اساس قرآن وسنت ہے

سعودی عرب پاکستان کا آزمایا ہوا دوست ہے

سعودی عرب پاکستان کا آزمایا ہوا بے لوث مخلص اور قابل فر دوست ہے جس نے ہر مشکل اور آڑے وقت میں پاکستان کی ہمیشہ دل کھول کر بڑی فیاضی سے امداد کی علاقائی اور بین الاقوامی امور میں ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگوں میں سعودی عرب نے جس پامردی اور زندہ دلی

عرب کے نیک دل حکمرانوں اور سعودی عوام نے جس اسلامی اخوت اور جذبے کے تحت افغان مہاجرین اور مجاہدین کی دل کھول کر فراخدلانہ امداد کی وہ بھی دنیا کی سیاسی تاریخ میں بے نظیر ہے۔ کئی سعودی مسلمانوں نے جہاد افغانستان میں حصہ لے کر جام شہادت نوش کیا۔

سعودی عرب نے مسئلہ کشمیر پر ہمیشہ پاکستان کے موقف کی حمائت کی ہر بین الاقوامی پلیٹ فارم پر کشمیری مسلمانوں کے حق خود ارادیت کے لیے آواز بلند کی سعودی عرب کی اکاوشوں کا نتیجہ ہے۔ آج مسئلہ کشمیر اہم بین الاقوامی ایشو بن چکا ہے انشاءاللہ سعودی عرب کی بھرپور حمائت اور تعاون سے عنقریب کشمیری مسلمان بھی غلامی زنجیروں سے آزاد ہو جائیں گے۔

سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان نہائت گہرے اقتصادی تعلقات قائم ہیں سعودی عرب پاکستان کی معاشی ترقی میں نہائت اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ دونوں ملکوں سے پاکستان کا ساتھ دیا تاریخ میں بے مثال ہے۔

سعودی عرب کے نیک دل اور فیاض حکمران خصوصاً موجودہ فرمانروا خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز اسلام کے نام پر قائم ہونے والے پاکستان کو اپنا وطن سمجھتے ہیں سعودی عرب کی پاکستان اور پاکستانی عوام کے بے پناہ عقیدت اور محبت کے جذبات ناقابل فراموش ہے۔

جہاد افغانستان میں سعودی عرب کا کردار قابلِ تعریف ہے

سعودی عرب دنیا کا پہلا ملک ہے جس نے افغانستان پر روسی قبضے کو سب سے پہلے چیلنج کیا اور کابل انتظامیہ سے سفارتی تعلقات ختم کیے روس جیسی سپر پاور کے آگے سینہ سپر ہونے کے لیے پاکستان کو اپنی ہر طرح کی مکمل امداد کا یقین دلایا جب افغان مہاجرین کی آزاد حکومت قائم ہوئی تو سب سے پہلے سعودی عرب نے اسے تسلیم کیا سعودی عرب کے اشتراک سے اسی ضمن میں کئی ادارے کام کر رہے ہیں سعودی عرب کے برادرانہ تعاون کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان کو مالی طور انتہائی مستحکم کر کے دنیا کا جدید ترین ملک بنا دیا جائے اسلام کے اس عظیم قلعے کو معاشی طور پر خود کفالت اور خود انحصاری کی منزل سے ہمکنار کر دیا جائے تاکہ یہ ملک دوسرے

مسلمان ملکوں کے لیے جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی کا سرچشمہ بن جائے پاکستان اور سعودی عرب میں اقتصادی شعبے میں بڑھتا ہوا بھرپور تعاون دونوں برادر اسلامی ملکوں کے درمیان نہائت گہرے اور قریبی تعلقات کا آئینہ دار ہے۔ ابھی حال ہی میں سعودی عرب کے ممتاز تاجروں کا اعلیٰ اختیاراتی وفد اسلامک چیمبرز آف کامرس کے صدر معروف سعودی تاجر عزت مآب ابو داؤد اسماعیل کی قیادت میں پاکستان آیا تھا۔ سعودی وفد نے صدر غلام اسحاق خاں، وزیر اعظم میاں نواز شریف،

سعودی تجارتی وفد کے دورۂ پاکستان سے پاک سعودیہ تجارت میں بے شمار مواقع پیدا ہوئے ہیں

وفاقی وزراء اور اسلام آباد راولپنڈی لاہور اور کراچی کے چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز عہدیداروں کے علاوہ ممتاز تاجروں سے تفصیلی ملاقاتیں کیں۔ پاکستانی مصنوعات کی ایکسپورٹ اور مشترکہ سرمایہ کاری کے لیے نتیجہ خیز ملاقاتیں کیں تھیں۔

سعودی وفد کے دورہ پاکستان سے پاک سعودیہ تجارتی تعلقات میں بے شمار مواقع پیدا ہوئے ہیں سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی کارکن مختلف نوعیت کے کاموں میں مصروف ہیں اسی طرح پاکستانی برادر ملک کی خدمت کے ساتھ ساتھ پاکستان کی معاشی خوشحالی اور زرمبادلہ کے حصول میں مدد کر رہے ہیں۔

پاک سعودیہ دوستی کی سب سے روشن مثال اسلام آباد میں واقع شاہ فیصل مسجد ہے جو سعودی عرب کے فراخدلانہ عطیے سے تعمیر ہوئی ہے یہ مسجد عالم اسلام کے اتحاد کے داعی اسلامی کانفرنس کے بانی سعودی عرب کے فرمانروا شاہ فیصل شہید کے نام سے منسوب ہے۔ شاہ فیصل شہید کی پاکستان کے لیے قابل تعریف خدمات کے اعتراف میں پاکستان نے اپنے اہم تجارتی شہر لائل پور کا نام تبدیل کر کے شاہ فیصل آباد رکھا یہ شہر اب پوری دنیا میں لائل پور کی بجائے فیصل آباد کے نام سے جانا پہچانا جاتا ہے۔ فیصل مسجد پاک سعودیہ دوستی کی مشعل کو ہمیشہ روشن رکھے گی۔

خلیجی بحران اور جنگ میں پاکستان نے اس آزمائش کی گھڑی میں اپنے عظیم برادر ملک سعودی عرب کا مکمل ساتھ دیا گیارہ ہزار فوجیں سعودی عرب کی حفاظت کے لیے روانہ کیں۔ خلیج کی جنگ سے پاکستان کی معیشت پر بُرے اثرات کو دیکھتے ہوئے سعودی عرب

کے عظیم فرمانروا شاہ فہد نے تین مہینوں کے لیے یومیہ ۵۰ ہزار بیرل تیل مفت فراہم کر کے ایسے جذبہ محبت اور خیر سگالی کا مظاہرہ کیا دوستی کی تاریخ میں جس کی مثال نایاب ہے۔

پاک سعودیہ دوستی کا ذکر کرتے ہوئے سعودی عرب کے موجودہ سفیر عزت مآب السید یوسف محمد المطبقانی کی بے مثال خدمات کا تذکرہ نہ کرنا زیادتی ہو گی۔

سعودی عرب کے فرمانروا شاہ فہد نے یوسف محمد المطبقانی کی صورت میں ایثار و وفا کے مہکتے ہوئے پھول کو اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا ہے۔ جس کی خوشبو پاکستان کے ہر شعبہ زندگی میں محسوس ہوئی ہے۔ یوسف المطبقانی نے تین سال کے مختصر عرصے میں پاکستان میں سفیر کی حیثیت سے اپنی بے پناہ ذہانت اور خداداد صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کر کے پاکستانیوں کے دلوں میں ایک خاص مقام پیدا کیا ہے آپ خوب سیرت، انتہائی شریف النفس، صاف گو، نرم حلیم سادہ طبیعت کے مالک سفارتی میدان میں نہ صرف منجھے ہوئے

خلیجی بحران میں پاکستان نے سعودی عرب کا ساتھ دے کر دوستی کا حق نبھایا ہے

سفارت کار ہیں بلکہ وکالت اور دینی تعلیم پر بھی مکمل دسترس رکھتے ہیں پاکستان کے لیے ان کے خیالات بڑے بلند اور ارفع ہیں پاک سعودیہ دوستی کے فروغ کے کاموں میں کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ مطبقانی واقعی بڑے عظیم اور انسان دوست، پاکستان نواز شخصیت ہیں۔ پاکستان کو سعودی عرب کی طرح اپنا وطن اور گھر سمجھتے ہیں پاکستانیوں کی اسلام سے محبت اور مہمان نوازی کے معترف ہیں ان کی انہی خوبیوں کی بدولت ہر شعبہ زندگی میں ہزاروں دوست اور لاکھوں مداح ہیں خلیجی بحران اور جنگ میں یوسف المطبقانی کے پاکستان میں اہم قابل تعریف رول کو کبھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا پاک سعودیہ دوستی کی کٹھن آزمائش کے وقت ناقابل فراموش کردار ادا کیا حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی طرف سے اس اہم نازک موقعہ پر بھرپور حمائت گیارہ ہزار پاکستانی فوج بھیجنے کے فیصلے میں یوسف المطبقانی انتھک سفارتی کوششوں کی بے مثال کامیابی تھی نازک حالات میں اسلام آباد اور ریاض کے درمیان مسلسل رابطہ رکھا سعودی حکمرانوں تک پاکستانی حکومت اور عوام کے پرخلوص جذبات پہنچانے میں شب و روز کوشاں رہے اپنی

سعودیہ دوستی کو مزید فروغ اور مستحکم کرنے میں قابل داد خدمات سرانجام دی ہیں۔ انہی قابلِ قدر، بے لوث خدمات کی بدولت انہیں ہر مکتبِ فکر کے لوگوں میں انتہائی عزت و احترام اور محبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

یہ روز روشن کی طرح حقیقت ہے پاکستان سعودیہ دوستی کے لازوال رشتوں کو مزید فروغ اور مستحکم کرنے میں سعودی سفیر کی قابل تعریف خدمات ہمیشہ یاد رہیں گی۔

اس موقعہ پر میری حکومت پاکستان خصوصاً صدر غلام اسحاق خاں، وزیر اعظم میاں نواز شریف کی خدمت میں تجویز ہے کہ پاک

سعودی عرب کی بھرپور حمائت سے کشمیری مسلمان عنقریب غلامی کی زنجیروں سے آزاد ہو جائیں گے

سعودیہ دوستانہ تعلقات میں بے مثال خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے حکومت پاکستان سعودی عرب کے باصلاحیت اعلیٰ سفارت کار یوسف المطبقانی کی حوصلہ افزائی کے لیے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ دیں پاکستان کے لیے بے مثال خدمات کا اعتراف کرنے سے پاک

سیمیناروں، کانفرنسوں، اور دیگر عوامی تقریبات سے خطاب کر کے خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد کے امت مسلمہ کے عظیم تر مفاد میں اختیار کیے گئے موقف کی موثر انداز سے ترجمانی کرتے رہے۔ یوسف المطبقانی کے محنت، محنت، جانفشانی کے ساتھ پاک

صحت کی پرواہ کیے بغیر شدید ذہنی دباؤ تھکا دینے والے کاموں میں ہمہ وقت مصروف دیکھے گئے یوسف المطبقانی نے پاکستان کے حکمرانوں کے علاوہ ہر شعبہ زندگی کے ذہین اور بااثر لوگوں سے مسلسل رابطہ رکھا صدام کے پروپیگنڈے کا بڑے موثر انداز میں سدباب کیا

سعودیہ دوستی کے لیے کام کرنے والوں کے حوصلے مزید بلند ہوں گے۔

اطلاعات کے مطابق اگلے ماہ اکتوبر کے پہلے ہفتے پاکستان کے صدر غلام اسحاق خان اعلیٰ اختیاراتی وفد کے ساتھ سعودی عرب کے اہم خیر سگالی دورے پر روانہ ہوں گے۔

صدر پاکستان کے سعودی عرب کے مجوزہ دورے کو سفارتی حلقوں میں انتہائی غیر معمولی اہمیت دی جا رہی ہے۔ توقع ہے صدر غلام اسحاق خاں کے سعودی عرب کے دورے کے موقعہ پر خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن

یوسف المطبقانی کی پاک سودیہ دوستی کیلئے بے مثال خدمات پر حکومت پاکستان کو اعلیٰ ترین سول ایوارڈ دینا چاہیے۔

عبدالعزیز ولی عہد شہزادہ عبداللہ بن سعود عبدالعزیز سمیت سعودی حکمرانوں کے ساتھ مذاکرات ہوں گے خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد نے پاکستان میں موجودہ حکومت کی نفاذ اسلام کے لیے کی جانے والی کوششوں کو ہمیشہ سراہا ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے۔ صدر غلام اسحاق خاں سعودی عرب کے مجوزہ دورے پر پاکستانی عوام کے پرخلوص جذبات نیک خواہشات شاہ فہد تک پہنچائیں سعودی عرب کے نیک دل حکمران کو دورہ پاکستان کی دعوت دیں بتائیں کہ پاکستان کے عوام خادم الحرمین الشریفین کے دورہ پاکستان کے لیے کس قدر بے تابی سے منتظر ہیں۔ بین الاقوامی حالات میں تبدیلی کا تقاضا ہے کہ پاکستان اور

سعودی عرب مشترکہ دفاع کے سمجھوتے پر دستخط کریں دونوں ممالک میں دفاعی تجارتی تعاون امت مسلمہ کے عظیم تر مفاد میں ہے۔ عالم اسلام کے اتحاد اور مفادات کا تحفظ پاک سعودیہ تعلقات میں مزید گرم جوشی، اور بھرپور تعاون میں مضمر ہے۔

خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد پاکستان کو اپنا وطن سمجھتے ہیں

پاک سعودیہ دوستی کے لازوال رشتوں کو مزید فروغ دینے میں یوسف المطبقانی کی خدمات قابلِ تعریف ہیں

Heartiest Greetings to

KING
FAHD BIN ABDUL AZIZ
AND THE BROTHERLY
PEOPLE OF

SAUDI ARABIA
ON THEIR NATIONAL DAY
GHULAM RASOOL MIANDAD
OVERSEAS EMPLOYMENT
PROMOTER & RECRUITING
AGENTS

OEP LICENCE NO. 0277/KAR/1984
218 SABIR MANZIL GODEON CINEMA
MARSTON ROAD KARACHI
TEL: 721546 CABLE: "WELL COTTON"

شاہ فہد کا تدبر اور سعودی عرب کا عالمی کردار

تحریر عزیز آف فیصل آباد

اگر آج کی دنیا کو اس تالاب سے تشبیح دی جائے جو گدلے پانی میں ایک کنول کا پھول بھی رکھتا ہے جو یہ صفت رکھتا ہے کہ وہ ہر حالت میں اپنا سر گدلے پانی کی سطح سے ہمیشہ بلند تر رکھتا ہے گو اس کی شاخیں گرداب اور خاردار شاخوں میں الجھی رہتی ہیں۔ اسی طرح سعودی شاہی خاندان بھی خادمین حرمین شریفین کی خداداد حیثیت سے شاہ فہد بن عبدالعزیز کی قیادت میں عالمی سیاسی کردار سرانجام دے رہا ہے اور ہر حالت میں اپنی اسلامی روایات اور اخلاقی قدروں کو پامال نہیں ہونے دیتا۔

حالیہ خلیجی جنگ اور اس سے پہلے خادم حرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز آل سعود نے جس صبر و تحمل اور بے پایاں تدبر کا مظاہرہ کیا ہے وہ ایک تاریخ ساز اور منفرد کردار ہے۔ اس اہم نکتہ پر آگے بحث کریں گے۔ مملکت سعودی عرب کو خداداد شرف حاصل ہے کہ اللہ تعالے نے اپنے خاص کرم سے دین اسلام کے مرکز کے

شاہ فہد عالم اسلام کی یکجہتی کیلئے فیصل شہید کے مشن کو جاری رکھے ہوئے ہیں

لیے اس مقدس سرزمین کو پسند فرمایا۔ اس لیے ہر مسلمان اپنے عقیدہ سے محبت کی بنا پر سعودی عرب کی عظمت و وقار کو اپنی زندگی سے بھی عزیز تر سمجھتا ہے اور اس کے تقدس اور دفاع کو اولیت دیتا ہے۔ مگر اہل پاکستان کا یہ المیہ ہے کہ وطن عزیز میں بعض عناصر معمولی فقہی اختلافات کو ہوا دیتے ہیں اور بعض سعودی عرب کی عالمی حیثیت سے حاسد ہیں اسلئے وہ مخالفت کرتے ہیں گو کہ وہ اقلیت میں ہیں (بہت ہی کم تعداد میں) ان کے کردار پر بھی آگے چل کر بحث کریں گے۔

اس ہنگامہ خیز دور میں ہر طرف افراتفری کا دور ہے۔ اقوام، قبیلے، گروہ اور علاقائی ذہین رکھنے والے ایک دوسرے سے نبرد آزما ہیں مگر سعودی عرب کی حکومت دن رات تمام سال صرف اور صرف بحثیت فلاحی اسلامی مملکت کے مصروف رہتی ہے کہ کس طرح وہ حجاج اور سال بھر آنیوالے عمرہ کی سعادت حاصل کرنیوالوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دی جائیں اور ہر سال ان کی آمد میں اضافہ کے پیش نظر تعمیر نو کے لیے اور حرم شریف کے اردگرد توسیعی منصوبوں پر عمل کرنے کے لیے اربوں ڈالر کی املاک خرید کر عظیم توسیع کام کی راہ ہموار کی جاتی ہے جس کا دنیا کی کوئی حکومت اور معاشرہ تصور بھی نہیں کر سکتا اور نہ ہی سعودی عرب کی حکومت سے زیادہ کوئی حکومت یا کئی حکومتیں یا ممالک مل کر بھی اتنا نہیں کر سکتے کیونکہ کوئی دوسرا ملک اتنے وسائل نہیں رکھتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی عظمت کی خاطر ہی سعودی عرب کو بے پایاں وسائل سے سرفراز فرمایا ہے۔ نہ صرف حرمین

شریفین کے عظیم توسیعی منصوبوں کے لیے بلکہ عالم اسلام کی سربلندی، وقار، اسلامی یکجہتی فلسطینیوں کی فلاح و بہبود اور بیروت کی ہنگامی امداد اور امن کے لئے گرانقدر خدمات کو بدترین دشمن بھی سراہنے پر مجبور ہیں۔

شاہ فہد بن عبدالعزیز ۱۹۲۳ء میں پیدا ہوئے۔ سکول آف نوبلز میں سائنس اور آرٹ میں تعلیم حاصل کی شرعی قوانین کا گہرا مطالعہ کیا ہے۔ انہوں نے جید علما کی صحبت میں اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کیا۔ شاہ فہد نے تعلیم پر خصوصی توجہ مرکوز رکھی اسلئے ۵۳-۱۹۵۲ء کے اوائل میں وزارت تعلیم کا قلمدان انکے سپرد کیا گیا۔ اسکے بعد سعودی عرب کے نظم و ضبط کی اہمیت پیش نظر وزارت داخلہ کی ذمہ داری ان کے سپرد کی گئی۔

شاہ فیصل شہید جنہیں امت مسلمہ کے اتحاد کا نقیب و بانی کہا جاتا ہے اور جن کی عظیم حکمت عملی ہی کے طفیل اسلامی سربراہ کانفرنس کا قیام عمل میں آیا۔ کئی بار شاہ فہد شاہ فیصل کے ساتھ عالمی لیڈروں سے مذاکرات کیلئے ان کے ہمراہ گئے۔ جب ۲۵ مارچ ۱۹۷۵ء کو شاہ فیصل شہید ہوئے تو مرحوم شاہ خالد نے بغیر کسی ہچکچاہٹ کے شاہ فہد عبدالعزیز کو ولی عہد مقرر کر دیا جسے تمام قوم نے لبیک کیا۔ چنانچہ انہوں نے اپنی خداداد صلاحیتوں کے طفیل شاہ خالد کی موثر معاونت کی اور وہ اقدامات کئے جن سے شاہ فیصل شہید کے مشن کی تکمیل کو اپنی اولین ترجیح دی جس کا مقصد اسلامی ممالک کی یکجہتی اور عظمت اسلام ہے۔ شاہ فہد کو سعودی عرب کے اہم عالمی رول کا احساس ہے۔ اسلئے ہمیشہ مطلوبہ اقدامات میں مصروف رہتے ہیں۔

جب ۱۹۷۳ء میں شاہ فیصل بن عبدالعزیز نے اوپیک (OPEC) کی تنظیم میں سب سے زیادہ تیل پیدا کرنیوالے ملک کی حیثیت سے اپنا تاریخی کردار سر انجام دیا اور تیل کو بطور "ہتھیار" استعمال کرنے کی دھمکی دی اور کہا کہ القدس شریف اور فلسطین کو آزاد کروانا اتنا ہی اہم ہے چنانچہ اس نعرۂ حق کے بلند ہونے کے بعد انہوں نے کمال حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شاہ فہد نے عالمی معاملات میں اپنا بھرپور کردار سرانجام دیا اور عالمی لیڈروں سے مہارت کے ساتھ موثر بات چیت کی۔

۱۲ جون ۱۹۸۲ء کو شاہ خالد بن عبدالعزیز کی وفات کے بعد شاہ فہد بن عبدالعزیز نے عنان

شاہ فیصل شہید امت مسلمہ کے اتحاد کے نقیب ہیں

حکومت سنبھالی اور قوم سے نہایت اثر انگیز انداز میں خطاب کیا۔ انکی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور بھرائی آواز سے خطاب کرتے ہوئے قوم سے وعدہ کیا کہ وہ عالم اسلام کی یکجہتی، اسلام کی عظمت لئے شاہ فیصل شہید کے مشن کو جاری رکھیں گے اور سعودی عرب کو اقوام عالم میں ایک نمایاں مقام دلائیں گے۔ بیروت میں فلسطینوں پر مظالم، عراق و ایران کی جنگ جیسے گمبھیر مسائل پیدا ہو چکے تھے مگر شاہ فہد نے کمال تدبر اور فراست سے ان حالات کا مقابلہ کیا۔ شاہ فہد کی معاونت ولی عہد عبداللہ بن عبدالعزیز نے بھی بڑے تدبر اور فراست سے کی۔ سعودی عرب اور شام کے تعلقات کافی عرصہ کشیدہ رہے مگر بیروت میں اسکے (شام) کے کردار کی بنا پر کئی بار نازک و اہم مواقع پر ولی عہد عبداللہ نے بڑا اہم رول ادا کیا۔ اسی طرح وہ دیگر ممالک میں مراکش، مصر میں اہم سفارتی امور کو طے کرنے کے لئے گئے۔ یہاں یہ ذکر ضروری ہے کہ اکثر یہودی جرائد میں بھی پروپیگنڈا کیا جاتا رہا کہ ولی عہد اور شاہ فہد کے درمیان بعض امور میں اختلافات ہیں مگر وقت نے ثابت کر دیا کہ یہ محض اسلام دشمن لابی کا پراپیگنڈا ہے۔ آل سعود کی بے مثال کامیابی کی بنیادی وجہ شاہی خاندان کا مثالی اتفاق ہے۔

سعودی عرب کی عالمی اہمیت ایک مسلمہ حقیقت ہے جسے عالم اسلام اور عالمی سطح پر بر دو جوہات: نمبر ۱ عالم اسلام کے قدرتی لیڈر کی حیثیت سے اور نمبر ۲ بے پایاں مالی وسائل کی وجہ سے سعودی عرب کی موثر حیثیت اٹل ہے اسلئے سعودی عرب کا کردا اور رول نہایت اہم اور موثر ہے سعودی عرب کی "خاموش" سیاست اور پالیساں منفرد رہی ہیں جس پر وہ سختی سے عمل فرما رہا ہے وہ یہ کہ سعودی عرب دوسروں کے معاملات میں مداخلت نہیں کرتا اور نہ ہی اسے یہ پسند ہے کہ کوئی دوسرا ملک سعودی عرب کے اندرونی معاملات پر رائے زنی کرے۔ سعودی عرب میں آل سعود کی فعال قیادت نے معاشی ترقی کی منازل تیزی سے طے کرنے کا اہم کردار سرانجام دیا ہے۔ ہر شعبہ زندگی میں اسکی ترقی ایک حیران کن انقلاب ہے یہاں تک کہ سعودی عرب گندم کی پیداوار میں نہ صرف خود کفیل ہے بلکہ کئی ممالک کو برآمد بھی کر رہا ہے۔ آل سعود کے دور میں جتنی اہم اور جس قدر ترقی ہوئی ہے اسکے اعداد و شمار ایک بڑی کتاب پر سینکڑوں صفحات پر محیط ہیں مگر یہاں اتنا ہی

خصوصی اشاعت..............برائے..............قومی دن سعودی عرب

سکتا کافی ہے کہ اللہ تعالے نے اپنے پسندیدہ دین اسلام کے مرکز اور اس مقدس سرزمین کو اتنے مالی وسائل کو معدنیات کی شکل میں عطا کیا ہے جس کی مثال اور کوئی ملک نہیں پیش کر سکتا۔ یہ اہم اور لاجواب مثال اور کوئی اور عقیدہ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ سعودی عرب نے اپنے وسائل کو اسلام کی تبلیغ امت مسلمہ کی فلاح، دینی اداروں کے قیام، غریب ممالک کی امداد، جہاد افغانستان کے لئے سب سے زیادہ امداد دینے والا ملک سعودی عرب ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ مالی وسائل کا صحیح مصرف سعودی عرب کا طرہ امتیاز رہا ہے۔

شاہ فہد بن عبدالعزیز نے مرحوم شاہ خالد بن عبدالعزیز کی طرف سے طائف اور مکہ مکرمہ میں منعقد ہونیوالی اسلامی سربراہ کانفرنس بڑی کامیابی سے نبھایا۔ انہوں نے بیروت اور وہاں پر قائم فلسطینوں کے کیمپوں کی حالت زار سے متاثر ہو کر خاموشی سے بھرپور امداد کی۔ انہوں نے دنیا کو فلسطینوں اور قبلہ اول کی اہمیت باور کروانے کیلئے ۲۳ ستمبر ۱۹۸۳ء کو سعودی قومی دن کی تقریبات کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ سعودی موقف اور عزم دنیا پر واضح ہو۔ انہوں نے خصوصی وفد ترتیب دیئے جو دنیا کے اہم دارلخلافوں: واشنگٹن، ماسکو، لندن، ٹوکیو وغیرہ جا کر یہودیوں کے ظلم و ستم اور بیروت کی حالت زار سے آگاہ کرے۔ اسی طرح انہوں نے اوپیک کی سطح پر بھی اپنے اثر و رسوخ کو استعمال کیا۔

شاہ فہد بن عبدالعزیز کی قیادت نہ صرف سعودی عرب کے لئے بلکہ تمام اسلامی ممالک کیلئے فعال ثابت ہوئی اور یہ سب کچھ اس لئے ممکن ہوا کیونکہ انہوں نے اہم قومی اور بین الاقوامی معاملات سے نمٹنے کیلئے قابل، محنتی اور با صلاحیت افراد پر بھروسہ کیا جو حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے۔ یہی وہ انداز فکر ہے جو کسی بھی ملک حکمرانوں کو کامیابی سے ہمکنار کر سکتا ہے۔

جہادِ افغانستان

اس ضمن میں جب بھی کوئی مورخ افغانستان کی تاریخ رقم کرنا چاہے گا تو وہ یہ لکھے بغیر نہیں رہے گا کہ جہاد افغانستان میں سعودی عرب کا نمایاں کردار ہے۔ سعودی عرب دنیا کا پہلا ملک ہے جس نے سب سے پہلے افغانستان روسی افواج کے قبضہ کو چیلنج کرتے ہوئے افغانستان کی پٹھو حکومت سے سفارتی تعلقات ختم

شاہ فہد کی قیادت نہ صرف سعودی عرب بلکہ عالم اسلام کیلئے فعال ثابت ہوئی

کر دیئے اور پھر طویل جہاد کے بعد افغان مجاہدین کی آزاد عبوری کو سب سے پہلے سعودی عرب نے تسلیم کیا۔ اس دوران افغان مجاہدین اور افغان مہاجرین کی جتنی فراخدلانہ مدد کی ہے وہ دنیا میں ایک منفرد سنہری مثال ہے کہ آزادی کی تحریکوں میں افغانستان کا جہاد ہے جہاں سعودی عرب نے مالی وسائل بھی قربان کئے اور جانی قربانی بھی پیش کی۔ ہر سال افغان مہاجرین کے لئے سعودیہ کے جہاز قربانی کا گوشت پشاور اور کوئٹہ پہنچاتے ہیں جہاں پر سعودی عرب نے بڑے بڑے ہسپتال اور سکول کھول رکھے ہیں تاکہ افغان بچوں کی تعلیم و تربیت کیساتھ ساتھ انکی طبی ضروریات بھی پوری ہوں (کویت نے بھی ایسا کیا ہے) یہ بات تمام تجزیہ نگار تسلیم کرتے ہیں کہ سعودی عرب جس کے پیش نظر صرف اور صرف افغانستان میں اسلامی تشخص اور آزادی برقرار رکھنا ہے۔ اس اصولی موقف پر ڈٹے رہنے سے اللہ تعالیٰ نے اس کے اثرات قریبی روسی ریاستوں میں جس طرح نمودار ہوئے ہیں وہ تاریخ ساز حقیقت محتاج تعارف نہیں۔ شاہ فہد بن عبدالعزیز کی دور اندیشی اور بصیرت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کس طرح انہوں نے بالٹک ریاستوں اور کئی روسی علاقوں میں اسلامی رجحانات کو بھانپ کر قرآن مجید کے لاکھوں نسخے تحفتاً دیئے اور اب وہاں پر جس طرح انقلاب برپا ہوا وہ اس صدی کا دوسرا بڑا واقعہ ثابت ہوا ہے۔ آج سے چند برس پہلے کسی کے تصور میں بھی نہ آیا تھا کہ ۱۹۹۱ء اشتراکیت کی بنیاد رکھنے والوں کے مجسمے پاش پاش کر دیئے جائیں گے سعودی عرب نے بالٹک ریاستوں کو نہ صرف تسلیم کیا بلکہ ان کو آزاد ریاستوں کو مالی و اقتصادی امداد کا اعلان بھی کر دیا ہے۔ سعودی عرب کے ان اقدامات

کے دور رس اور تاریخی اثرات مرتب ہوںگے۔
دراصل افغانستان کے جہاد نے بالٹک ریاستوں اور کشمیر میں جو آزادی کی روح پھونکی ہے وہ کامیابی سے ہمکنار ہوگی اور اس کا سہرا بھی سعودی عرب کے شاہ فہد بن عبدالعزیز کے سر پر ہوگا۔ اب خلیج کے حالیہ اہم تاریخی موضوع کی طرف آتے ہیں جسکی ابتداء عراق کے صدر صدام حسین کی ضد اور ہٹ دھرمی کیوجہ سے ہوئی مگر سعودی عرب کے شہد فہد بن عبدالعزیز کی فراست تدبر اور بروقت اقدامات سے صدام حسین کو عبرتناک شکست ہوئی۔ چونکہ تمام دنیا اس حالیہ افسوسناک جنگ تباہی بربادی اور قتل و غارت سے باخبر ہے مگر ان سطور میں صرف شاہ فہد اور سعودی کے کردار پر ہی بحث مقصود ہے۔ جب عراقی صدر نے کویت اور متحدہ امارات پر الزام لگایا کہ انہوں نے زیادہ تیل نکالا ہے اور

اس اعلان کے بعد کہ عراق کویت یا متحدہ پر حملہ نہیں کرے گا سعودی فرمانروا نے بروقت اور صحیح فیصلہ کیا کہ دنیا بھر میں دوست ممالک کو اپیل کی جائے کہ عراق کی ممکنہ جارحیت روکنے کے لئے سعودی عرب کی فوجی امداد کی جائے۔ سعودی عرب اقوام عالم میں اہم مقام رکھتا ہے۔ اس

فہد بن عبدالعزیز نے اسلامی و عرب روایات کے تحت امیر کویت شیخ جابیر الاحمد الصباح اور انکی حکومت کے تمام افراد اور خاندانوں کو اپنے ہاں سعودی عرب میں پناہ دی اور میزبانی کی عرب روایات کی درخشندہ مثال قائم کی۔ کویت کی آزادی میں شاہ فہد بن عبدالعزیز کے بروقت اقدامات، تائید و حمایت کا بڑا دخل ہے۔ مگر سعودی عرب نے عراقی صدر صدام حسین کی کھلی دھمکیوں کے جواب میں جو اقدامات کئے اور اس پر جو خرچ اٹھا اس کا بڑا حصہ سعودی عرب کو ادا کرنا پڑا حالانکہ اس سے پہلے سعودی عرب نے کبھی دفاع پر اتنی کیثر رقم خرچ نہ کی تھی کیونکہ سعودی عرب نے کسی ملک کی طرف سے کوئی خطرہ محسوس نہیں کیا تھا۔ سعودی عرب نے ارض مقدس کے دفاع کیلئے مصر کی ۴۰ ہزار فوجوں کی آمد کے بعد مصر کے ذمے ہزاروں ملین ڈالر کے قرضے معاف کردینے کا اعلان کردیا اور پھر امریکہ سے سفارش کرکے مصر کے ذمہ امریکی قرضے معاف کروئیے گئے۔ سعودی عرب کے اس جذبہ اظہار تشکر سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ دوستوں کے بروقت کام آنے کے اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مگر یہ بات نہایت تکلیف دہ ہے کہ شاہ فہد بن عبدالعزیز کی اپیل کا جواب کئی مسلم ممالک نے تاخیر دیا اور بعض ممالک میں جن میں پاکستان شامل ہے۔ کچھ عناصر نے منافقت سے کام لیا اور عراقی سفارتخانہ کے ایما پر پاکستان افواج کے سعودی عرب بھجوانے کی مخالفت کی۔ مگر الحمد اللہ پاکستان کی اکثریت کو یہ فخر حاصل ہے کہ انہوں نے پاکستانی افواج کے

شاہ فہد نے کمال حکمت عملی سے عالمی سیاست میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا

قرضوں کی واپسی کو اس بنا پر روکا کہ ہر دو ممالک "ہرجانہ" دیں تو شاہ فہد نے عراقی وفد کو سعودی عرب آکر متعلقہ فریقوں سے بات چیت ذریعے تصفیہ کا مشورہ دیا چنانچہ انہوں نے آخری لو تک بڑی کوشش کی کہ تصفیہ ہو جائے مگر عراقی وفد نے ایک مختصر ملاقات کے بعد بغداد واپس جانے کا اعلان کردیا جس کے چند گھنٹے بعد عراق نے کویت پر حملہ کرکے قبضہ کرلیا۔ اس اچانک اور

لئے دوست ممالک نے بروقت افواج بھیجوانے کا اعلان کردیا پھر کچھ ہوا وہ ہر حساس انسان کے علم میں ہے کہ شاہ فہد اقوام متحدہ اسلامی کانفرنس، غیر جانبدار ممالک کی تنظیم اور ہر اپیل کو رد کرتے ہوئے صدر صدام حسین نے جنگ کو ترجیح دی۔ مگر اتحادی افواج کے سامنے صدر صدام حسین کو متوقع شکست فاش ہوئی۔ اس جنگ کے شروع ہونے سے پہلے اور بعد تک شاہ

سعودی عرب بھجوانے کا پرزور تائید و حمایت کی۔
ہمارے ہاں بد قسمتی سے بعض سیاسی جماعتوں کے زعما کو جو اپنی جماعتوں کو اسلامی جماعتیں ہونے کا دعوئے کرتے ہیں مگر بڑے دکھ کی بات ہے کہ حالیہ خلیجی جنگ سے پہلے حسب معمول سعودی عرب میں ایک بین الاقوامی کانفرنس ہوئی جس میں حسب معمول جماعت اسلامی کے امیر بھی ان ممالک کے زعما سے ملنے چلے گئے جو سعودی عرب سے اختلافات رکھتے تھے مگر سعودی عرب کی فراخدلی ملاحظ فرمائیں کہ انہوں نے کبھی ایسی جماعت یا انکے ساتھ فقہی اختلافات رکھنے والوں پر تنقید نہیں کی۔ اور اہم بات یہ کہ افواج پاکستان کے سربراہ (اس وقت) کے جنرل اسلم بیگ کے بیان بسلسلہ عراق--- ہر بھی سعودی عرب نے کسی قسم کی رائے زنی نہیں کی بلکہ شاہ فہد عبدالعزیز نے اظہار تشکر کے طور پر سعودی عرب کا اہم قومی میڈل افواج پاکستان کے کمانڈر متعینہ سعودی عرب کو پیش کیا۔ سعودی عرب کی پاکستان سے خصوصی محبت اور قیام پاکستان سے لیکر اب جس قدر فرخدلانہ مالی امداد سعودی عرب نے پاکستان کو دی ہے وہ اور کسی ملک نے نہیں دی جسکی تفصیلات اس مضمون میں دنیا ممکن نہیں ہے۔ تاہم پاکستان کا ہر شہری اس حقیقت سے باخبر ہے کہ سعودی عرب پاکستان کا ایک عظیم محسن ہے جسکی تائید، حمایت اور قربانی کی وجہ سے افغانستان جہاد میں کامیابی ممکن ہوئی اور جس کے اثرات روسی ریاستوں اور مقبوضہ کشمیر تک پہنچ گئے ہیں یہ شرف بھی سعودی عرب کو حاصل ہوا ہے کہ قاہرہ کانفرنس میں سعودی وزیر خارجہ شہزادہ سعود الفیصل کی بھرپور لابی اور دو ٹوک الفاظ میں پاکستان کی تائید و حمایت کرتے ہوئے سعودی عرب کے غیر متزلزل موقف کو دہرایا اس طرح کشمیر کاز کیلئے بھی سعودی عرب نے تاریخی کردار ادا کیا جو اسکی لیڈر شپ کی اسلامی اور عالمی سوچ کا مظہر ہے۔ پاکستان میں کوئی قدرتی آفت آجائے،

زلزلہ، سیلاب یا کوئی بھی حادثہ ہو یہ شرف سعودی عرب کے آل سعود کو حاصل ہے کہ وہ بغیر کسی اپیل کے انتظار کے از خود امدادی جہازوں کی روانگی کا حکم دے دیتے ہیں۔ سعودی عرب نہ صرف پاکستان بلکہ ہر سال بنگلہ دیش کے سیلاب زدگان کے لئے فراخدلانہ مدد کرنے میں پیش پیش رہتا ہے۔ اسلامی ممالک کے علاوہ غیر مسلم ممالک میں بھی سعودی عرب فراخدلی سے امداد و عطیے دیتا ہے۔ پاکستان کی امداد مخصوص مکتبۂ فکر کے لئے نہیں بلکہ وہ اپنے کٹر مخالف اداروں کو بھی عطیہ جات دینے میں بخل سے کام نہیں لیتے۔
ضرورت اس بات کی ہے کہ امت مسلمہ کو اس بات کا اہتمام کرنا چاہیئے کہ وہ سعودی عرب کے قوانین کا احترام سختی سے کریں، عمرہ، حج یا کاروباری سفر کرنے والے کسی طرح بھی ان کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں، انکے کام کو محنت لگن اور دیانتداری سے کریں اور اسے عبادت ہمیں کیونکہ اسلام کے مرکز ہونے کی وجہ سے اس جگہ اور وہاں رہنے والوں کی خدمت کو دین اسلام کیخلاف سمجھیں۔ عقیدہ کے احترام کا تقاضا ہے کہ تمام اسلامی ممالک سعودی عرب کو اپنا قدرتی لیڈر سمجھیں تاکہ اسلامی ممالک یکساں

خارجہ پالیسی وضع کرکے ایک موثر عالمی قوت بن سکیں۔ یہ سعودی عرب کی لیڈر شپ کی فہم و فراست ہو کہ عالم اسلام میں متحارب خیالات کے حامل ممالک بھی سعودی عرب کی آواز پر لبیک کھتے ہیں جیساکہ حالیہ خلیجی افسوسناک جنگ کے دوران ثابت ہوا۔
مملکت سعودی عرب کی لیڈر شپ نے حال ہی میں اپنے وقار میں ایک اور قابل فخر اضافہ کیا ہے۔ ان کے ایک قابلِ ذہن سفارتکار ہیز ایکسلینسی سمیر ایس۔ شہابی جو اقوام متحدہ میں مستقل سعودی مندوب ہیں، انہیں بھاری اکثریت سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا صدر منتخب کیا گیا ہے جس پر نہ صرف سعودی عرب بلکہ عالم اسلام میں اعزاز پر فخر کرتا ہے۔ (جناب سمیر ایس۔ شہابی پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر رہ چکے ہیں
آخر میں یہ جملہ لکھے بغیر نہیں رہ سکتا کہ پاکستان کا ہر مسلمان مملکت سعودی عرب کے شاہ فہد بن عبدالعزیز اور تمام شاہی خاندان و مملکت کے شہریوں کو قومی دن پر مبارک باد کیساتھ یہ بھی یقین دلانا چاہتا ہوں کہ سعودی عرب کے دفاع اور وقار کی خاطر ہر پاکستانی مسلمان اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنا فخر سمجھتا ہے۔ اور جو منافق اور حاسد ہیں انہیں نظر انداز کریں دوست اور دشمن سے ویسا ہی سلوک کریں جیسا انکا طرز عمل رہا ہے (جنگ کے دوران)۔ میں سعودی عرب کے شاہ فہد بن عبدالعزیز کی قیادت کو سلام پیش کرتا ہوں جنھوں نے بر وقت اقدام کرکے سعودی کو بچایا اور کویت کو آزاد کروالیا کیونکہ اللہ تعالے کو یہی منظور تھا۔

Heartiest Greetings

TO HIS MAJESTY
JALALATUL MALIK

FAHD BIN ABDUL AZIZ
ON THE
NATIONAL DAY
OF

SAUDI ARABIA

AL MASOOD AGENCIES
OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS
314, PRINCE CENTRE, PREEDY STREET,
SADDAR, KARACHI.
TEL: 7733277 — 7760065
TELEX: 23318 (UMAR) PK ATTN AL MASOOD
OEP LICENCE NO. 0468/KAR/9

شہید ضیاء الحق

تحریر محمد اعجاز الحق
وفاقی وزیر
محنت و افرادی قوت



میں اپنے والد جنرل محمد ضیاء الحق شہید کی یاد میں غمگین ہوتا ہوں تو ساتھ ہی ایک شہری کی حیثیت سے پوری پاکستانی قوم کا رنج و غم بھی اس میں شامل ہو جاتا ہے۔ میرے لئے یہ فیصلہ کرنا مشکل ہے کہ میں ایک بیٹے کی حیثیت سے زیادہ نقصان میں ہوں یا پاکستانی شہری ہونے کی حیثیت سے۔

اس دن کینیڈا میں تھا جب مجھے سی ۱۳۰ کے المناک سانحے کی خبر ملی۔ اس حادثے میں میرے والد کے علاوہ فوج کی صف اول کی قیادت اور آخری لے جہاز میں سوار ہونے والے امریکی سفیر بھی لقمہ اجل بن گئے۔ اللہ پر پختہ ایمان رکھنے والے ایک سپاہی کا بیٹا ہونے کی حیثیت سے میں موت کو ایک ناقابل انکار اور اٹل حقیقت خیال کرتا ہوں اور مجھے اس سے کبھی خوف محسوس نہیں ہوتا لیکن جب مجھے اچانک اپنے والد کی شہادت کی خبر ملی تو لمحہ بھر کے لئے میں سناٹے میں آ گیا۔ میرے اندر سے ایک



ضیاء الحق کی مسکراہٹ کا خوبصورت انداز

آواز آئی "کیا کوئی فرد کسی دوسرے انسان کو اتنے بے رحمانہ اور ظالمانہ انداز سے قتل کر سکتا ہے؟" یہ ایک بیٹے کے دل سے اٹھنے والا سوال تھا مجھے اس سوال کا کوئی ٹھوس جواب نہ مل سکا۔ لیکن ایک شہری ہونے کے ناطے اعجاز الحق بخوبی جانتا ہے کہ ضیاء الحق نے قومی مفادات پر سودا بازی سے انکار کر دیا تھا اور انتہائی مضبوط موقف اختیار کر کے اپنے بہت سے "طاقتور دشمن" پیدا کر لئے تھے۔ ان کا یہی موقف اور قومی مفادات پر سودا بازی سے انکار ان کی شہادت کا باعث بنا۔

میں اس بحث میں نہیں پڑنا چاہتا کہ قوم کو اپنی تاریخ کے انتہائی نازک موڑ سے کامیابی و کامرانی کے ساتھ گزارنے کے لئے ضیاء الحق شہید کا حکومت میں رہنا ضروری تھا یا نہیں۔ اس کا فیصلہ تاریخ خود ہی کرے گی لیکن میں ان کے اعلیٰ افکار و نظریات اور مقاصد کے بارے میں کچھ کہنا ضروری خیال کرتا ہوں۔

صدر ضیاء، سیاستدان ہونے کے سوا سب کچھ تھے۔ ایک فوجی کی حیثیت سے زندگی بھر کی تربیت نے انہیں دو ٹوک اور کھری بات کہنے والا صاف گو سپاہی بنا دیا تھا۔ اس طرح کا آدمی سیاست کے تقاضوں پر کم ہی پورا اترتا ہے لیکن سیاستدان نہ ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ جمہوریت کے خلاف تھے۔ انہوں نے جمہوریت اور سیاستدانوں کے درمیان ایک واضح لکیر کھینچ رکھی تھی کیونکہ ان کے خیال میں سیاستدانوں کی اکثریت پاکستان میں جمہوری عمل کو سست کرنے یا ناکام بنانے کی ذمے دار تھی۔ ایک بار خود انہوں نے میرے سامنے حیرت اور تعجب کا اظہار کیا تھا کہ اقتدار میں آتے ہی چند ہفتوں کے اندر اندر قومی سطح کے بیشتر سیاستدانوں نے ان پر زور دینا شروع کر دیا کہ انتخابات غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دیئے جائیں۔ بعد ازاں جمہوریت کے خود ساختہ علمبرداروں کو بہت قریب سے جاننے کے بعد انہیں اندازہ ہوا کہ قوم کو جمہوریت کے صحیح معنی و مفہوم سے آشنا کرنے اور اسے قبول کرنے پر آمادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ نیز یہ کہ جمہوریت کے اس تصور کو قبول نہیں کیا جا سکتا جو بعض بارسوخ اور موثر موقع پرستوں نے پھیلا رکھا ہے۔

اگر ضیاء الحق بعض افراد کے نقطہ نظر کے مطابق محض فوجی ڈکٹیٹر ہوتے تو انہیں مجلس شوریٰ کے نام سے ایک مشاورتی ادارہ بنانے کی ضرورت پیش نہ آتی اور نہ ہی وہ حالات سازگار ہوتے ہی ملک میں مکمل طور پر جمہوریت بحال کر کے پارلیمنٹ وجود میں لاتے۔ کچھ نقادوں کا خیال ہے کہ صدر ضیاء نے یہ سب کچھ دباؤ کی وجہ سے کیا لیکن میں پوچھتا ہوں کہ کونسا دباؤ؟ عوام کا دباؤ جنہوں نے ذوالفقار علی بھٹو کی بدنام حکومت سے نجات دلانے کے باعث گلیوں اور بازاروں میں ضیاء الحق کا استقبال کیا تھا اور وہ اب بھی دل کی گہرائیوں سے اسے چاہتے تھے۔ سیاستدانوں کا دباؤ؟ جو خود ضیاء الحق کے سامنے ہاتھ جوڑ کر انتخابات ملتوی کرنے کی التجاء کر رہے تھے کیونکہ انہیں قوم کے غیظ و غضب کا بخوبی اندازہ تھا۔ نکتہ چینی کرنے والے نام نہاد تجزیہ کار بھول جاتے ہیں کہ ضیاء الحق ایک سپاہی تھا اور اپنی عسکری تربیت کے باعث وہ ہر کام کے لئے ایک مستحکم، مربوط اور منطقی طریقہ کار رکھتا تھا۔ صدر کی شخصیت اور حالات و واقعات پر سرسری نگاہ رکھنے والا شخص بھی یہ جان سکتا ہے کہ انہوں نے مکمل جمہوریت کی بحالی کے لئے سیاسی تبدیلیوں کا ایک مرحلہ وار نقشہ تیار کر رکھا تھا اور وہ اس پر پوری سنجیدگی سے عمل پیرا تھے۔ اس کے لئے انہوں نے پہلے نامزد ارکان پر مشتمل مجلس شوریٰ تشکیل دی، اس کے بعد غیر جماعتی انتخابات کی بنیاد پر پارلیمنٹ وجود میں آئی۔ تیسرا اور آخری مرحلہ جماعتی بنیادوں پر انتخابات کرا کے مکمل جمہوری نظام بحال کرنے کا تھا۔ لیکن افسوس کہ قدرت نے انہیں یہ موقع نہ دیا۔ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ ضیاء الحق شہید کسی خاص سیاسی جماعت کو اقتدار میں لانے کے بجائے قوم کو سیاسی استحکام اور معاشی خوشحالی کی ٹھوس راہوں پر ڈالنا چاہتے تھے۔ انہیں غاصب یا ڈکٹیٹر جو کچھ بھی کہا گیا انہوں نے اپنے طے شدہ

رائے سے انحراف نہیں کیا کیونکہ وہ اسی کو قوم و ملک کے حق میں مفید خیال کرتے تھے۔

مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے میں نے دو بار اپنے والد کو کھویا۔ پہلی بار اس وقت جب انہوں نے اقتدار سنبھالا۔ میری یہ محرومی ذرا مختلف نوعیت کی تھی۔ وہ شفیق والد جو ہم سے پہروں بیٹھے گپ شپ کیا کرتے اور ہر بات اور ہر تجربے میں اپنے گھر کے افراد کو شامل کیا کرتے تھے، اچانک پہلے سے کہیں زیادہ خاموش اور سنجیدہ رہنے لگے۔ غالباً اقتدار میں آنے کے بعد انہیں ملک کو درپیش [illegible] اور مسائل کا [illegible] ہوا تھا۔ وہ حکومت اور ملک کے معاملات پر کبھی اپنے گھر والوں سے [illegible] نہیں کرتے تھے۔ شروع شروع میں ہم نے محسوس کیا لیکن پھر عادت سی ہو گئی۔ ہم سب جانتے تھے کہ ضیاء الحق شہید کے لئے بعض اصول بہت ہی اہم تھے۔ اپنے خاندان سے بھی زیادہ اہم۔ بہت سے لوگوں کو یہ جان کر حیرت ہو گی کہ میرا پاکستان میں قیام ان دنوں بہت زیادہ خوشگوار ہوتا تھا جب وہ اقتدار میں نہیں آئے تھے۔ ان کے

ضیاء شہید نے کبھی بھی اپنے خاندان کو ناجائز مراعات نہیں دیں

اقتدار میں آنے سے پہلے میری حیثیت محض پڑوس میں بسنے والے ایک عام آدمی کی سی تھی لیکن اب ہمارا پورا خاندان ذرائع ابلاغ کی زد میں تھا۔ میرے والد ذاتی طور پر اس بات سے بہت گریز کرتے تھے۔ انہوں نے اس بات کو یقینی بنایا کہ ان کے خاندان کا کوئی فرد براہ راست یا بالواسطہ حکومت کے معاملات یا سیاسی امور میں ملوث نہ ہو۔ ان کے نزدیک یہ ایک مشن تھا جس میں اہل خانہ کی ذرا سی مداخلت کی بھی گنجائش نہ تھی۔ میں جب ماضی پر نگاہ ڈالتا ہوں اور اپنے اہل خانہ کے طرز زندگی کو دیکھتا ہوں تو مجھے اندازہ ہوتا ہے کہ میرے والد کی شخصیت میں بڑی سادگی اور بلا کی عاجزی و انکساری تھی۔ اس طرح کا فرد کسی طرح کی "پاور گیم" کا حصہ نہیں بن سکتا۔ انہوں نے اپنے لئے قوت یا طاقت اور اقتدار کی خواہش نہیں کی تھی۔ پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ کیونکر ملک کے مقتدر اعلیٰ بن بیٹھے؟

شاید اللہ تعالیٰ نے اسلام کے نام پر عظمت پر عظمت و شکوہ کے نئے افق سر کرنے کے لئے اپنے ایک عاجز اور عام سے بندے کا انتخاب کیا تھا۔ ۱۹۷۹ء میں روس کی فوجیں افغانستان میں داخل ہوئیں۔ یہ ہماری تاریخ کا بڑا نازک موڑ تھا۔ افغان مجاہدین کی ٹھوس حمایت کا فیصلہ کیا کہ پاکستان افغان مجاہدین کی پوری پوری مدد کرے گا۔ یوں کمیونسٹوں کے خلاف ایک عظیم جہاد کا آغاز ہو گیا۔

میرے والد ایک پختہ ایمان کے مالک انسان تھے۔ جب بہت سی اقوام نے فوجی اور دوسری نوعیت کی امداد کے لئے ضیاء الحق شہید سے رجوع کیا تو انہیں معلوم تھا کہ ان اقوام کے دلوں میں روسیوں کے ظلم و ستم کا نشانہ بننے والے ہزاروں افغانیوں کے خون سے کوئی ہمدردی نہیں بلکہ وہ کمیونسٹوں سے نفرت کے باعث اپنے سیاسی مقاصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ابتدائی دنوں میں امداد کے لئے کی جانے والی پیش کش کو "مونگ پھلی کا دانہ" کہہ کر مسترد کر دیا۔ اس کے بجائے انہوں نے اپنی مرضی اور اپنے قومی مفادات کو پیش نظر رکھتے ہوئے اقوام عالم سے امداد کے ٹھوس معاہدے کئے۔ انہی معاہدوں کے باعث ضیاء الحق کی شہادت کے بعد بھی مجاہدین کا جہاد جاری ہے۔

میرے والد شروع ہی سے ایک مذہبی شخص تھے اور وہ شریعت محمدی کو پاکستان کی حکومت و سیاست کا واحد نظام خیال کرتے تھے۔ ملک میں قرآن و سنت کے قوانین کا نفاذ ان کی اولین ترجیح تھی جبکہ اسلامی ممالک کے ساتھ قریبی برادرانہ تعلقات ان کی خارجہ پالیسی کا مرکزی نکتہ تھا۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ غیر اسلامی ممالک سے تعلقات استوار نہیں کرنا چاہتے تھے۔ وہ تو کسی بھی دوسرے ملک سے دوستانہ مراسم قائم کرنے اور غیر ضروری کشیدگی ختم کرنے

بعض لوگ میرے سیاست میں حصہ لینے سے خوف زدہ ہیں

کے لئے ہمیشہ تیار رہتے تھے۔
ان کی سفارت کاری کا ایک بے مثال نمونہ "کرکٹ ڈپلومیسی" کے نام سے مشہور ہوا۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب پاکستان اور ہندوستان کی فوجیں سرحدوں پر ایک دوسرے کے سامنے کھڑی تھیں اور ان کی توپوں نے گولہ باری شروع کر دی تھی۔ صدر نے نہ صرف اپنی بلکہ اپنے تمام خاندان کی جانوں کو خطرے میں ڈالتے ہوئے بھارت میں منعقدہ ایک کرکٹ میچ

لئے ہر ممکن امداد فراہم کی۔ مقبوضہ کشمیر کے ہر گھر کی دیواروں پر آویزاں ضیاء شہید کی تصویریں محض اتفاق نہیں، یہ اس حقیقت کی یاد دلاتی ہیں کہ شہید نے کس طرح کشمیری مجاہدین کی کھل کر مدد کی۔ آج یہ تصویریں اس افسوس ناک پہلو کی بھی یاد دلاتی ہیں کہ ضیاء الحق کی شہادت کے بعد تحریک آزادی پر کتنے منفی اثرات مرتب ہوئے۔
صدر ضیاء الحق شہید افغانستان کے بعد

مغرب کے مقاصد بڑی حد تک پورے ہو گئے تھے اور ان کی ترجیحات تبدیل ہو گئی تھیں۔ ان کا رویہ بھی بدل رہا تھا۔ یہ سب کچھ ضیاء الحق شہید کی نظروں سے اوجھل نہ تھا اس لئے انہوں نے زیادہ پختہ عزم کے ساتھ اسلامی امہ کی یکجہتی و اتحاد کے لئے کام کرنا شروع کر دیا تھا۔ "نیو ورلڈ آرڈر" کے نظریے نے شہید ضیاء الحق کے اس تصور کو درست ثابت کر دیا ہے کہ اگر دنیا بھر کے اسلامی ممالک ایک واحد عظیم قوت کی شکل اختیار نہیں کرتے تو وہ ہمیشہ مغربی مفادات کی بھینٹ چڑھتے رہیں گے۔
میرے والد نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ اس لئے کہ وہ امت مسلمہ کے اتحاد کے داعی تھے۔ اس لئے کہ انہوں نے پاکستان کے ایٹمی پروگرام پر کسی قسم کی سودا بازی سے انکار کر دیا تھا۔ اس لئے کہ انہوں نے افغان جہاد سے دستبردار ہونے سے انکار کر دیا تھا حالانکہ مغرب کے مفادات کا تقاضا بدل چکا تھا۔ اس لئے کہ انہوں نے کشمیری مجاہدین کی امداد سے دست کش ہونے سے انکار کر دیا اور اس سے مغرب کے مال کی سب سے بڑی منڈی بھارت خوش نہ تھا۔ اور داخلی طور پر قاتلوں کو ان گروہوں سے ساتھی مل گئے جو پاکستان کو ایک توانا طاقت بنتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتے تھے۔
جنرل ضیاء الحق کی شہادت نے درحقیقت اس امر کی توثیق کر دی کہ انہوں نے قومی و ملی مفادات پر سمجھوتے کرنے یا دھمکیوں میں آنے سے انکار کر دیا تھا۔ ان کے دشمنوں کے پاس اس کے سوا اب کوئی چارہ کار نہ تھا کہ وہ ان کے وجود ہی کو ختم کر دیں۔
جس دن سی ۱۳۰ بہاولپور کی فضاؤں میں تباہ ہوا اس دن ہم اپنے والد سے محروم ہو گئے لیکن قوم اپنے لیڈر سے محروم نہیں ہوئی۔ وہ آج بھی ان کی تمناؤں اور امنگوں میں زندہ ہے۔ وہ تمنائیں اور امنگیں جن کے لئے اس نے اپنی جان قربان کر دی۔

ضیاء شہید مولانا زکریا کاندار سے ملاقات کرتے ہوئے

دیکھنے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے اپنے پورے خاندان کو ساتھ لیا اور بھارت جا پہنچے۔ ان کی انتہائی ماہرانہ سفارت کاری نے اس جنگ کا خطرہ ٹال دیا جس کے لئے بھارت پوری تیاری کر چکا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ مسلمانوں اور عالم اسلام کے لئے بڑا خطرہ مول لینے سے بھی نہیں

کشمیر پر بھرپور توجہ دینے کا عزم رکھتے تھے۔ وہ ان لوگوں میں سے نہیں تھے جو دوسرے خطوں کے مسلمانوں کے مسائل کو اپنے مسائل خیال کیا کرتے۔ وہ ہمیشہ امت مسلمہ کے درمیان زبردست اتحاد و یکجہتی کے علمبردار رہے۔ ان کی ولولہ انگیز تقریر کو کون بھول سکتا ہے جسے سن کر

طیارے کے کریش کی خبر میرے لئے قیامت تھی

ہچکچاتے تھے جیسا کہ انہوں نے افغانستان کے لئے روس جیسی سپر پاور سے ٹکر لے لی تھی۔
جب بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں مظالم کی انتہا کر دی اور انتہائی سفاکی سے مسلمانوں کا قتل عام شروع کر دیا تو ضیاء الحق کی ذات ہی مظلوم و محکوم کشمیریوں کے لئے قابل اعتماد دوست کی شکل میں سامنے آئی۔ صدر ضیاء الحق نے کشمیری مجاہدین کو مادر وطن کی آزادی کے

تمام مسلم مندوبین کی آنکھوں میں آنسو آ گئے تھے اور ان کی اسی اثر انگیز تقریر نے ایران اور مصر کے لئے اسلامی کانفرنس کے دروازے کھول دیئے تھے۔ وہ اسلامی امہ کی یکجہتی و اتحاد کے زبردست داعی تھے اور شاید ان کے اسی موقف نے مغربی قوتوں کو چوکنا کر دیا ہو۔ افغانستان سے روسی فوجوں کے انخلاء اور مشرقی یورپ میں رونما ہونے والی سیاسی تبدیلیوں کے باعث

میرے شہید والد کو اچھی طرح اندازہ تھا کہ انہیں افغانستان اور کشمیر کے بارے میں اپنی آزادانہ پالیسیوں کی بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی اور یہ قیمت ان کی جن بھی ہو سکتی ہے لیکن اپنی زندگی کو مسلسل خطرے میں محسوس کرنے کے باوجود انہوں نے ایک لمحے کے لئے بھی اپنی پالیسیوں سے انحراف کا تصور نہیں کیا۔ مجھے ضیاء الحق شہید اور پاکستان میں روسی سفیر عبدالرحمن وزیروف روس کے "مرد آہن" کا پیغام لائے تھے۔ پیغام میں کہا گیا تھا۔
"........ ہمیں معلوم ہے کہ پاکستان کی حکومت افغانستان کے بارے میں آپ کے موقف کی تائید نہیں کر رہی۔ بلوچستان اور سرحد کے عوام بھی افغانیوں کے خلاف ہیں۔ ان حالات میں آپ کو چاہیے کہ یا تو اپنے موقف سے دستبردار ہو جائیں یا پھر نتائج بھگتنے کے لئے تیار رہیں۔"
"........ نہایت افسوس ہے کہ آپ ایک مسلمان ہوتے ہوئے مجھے اس طرح کا پیغام پہنچا رہے ہیں۔ کاش آپ اپنے نام اور کردار دونوں حوالوں سے ایک پکے اور سچے

مسلمان ہوتے۔ میرا ایمان ہے کہ قادر مطلق نے میرے بدن میں روح پھونکنے کے ساتھ ہی میری تقدیر رقم کر دی ہے۔ یہ بات میرے مقدر میں لکھی جا چکی ہے کہ میں نے کب اور کس کے ہاتھوں موت کا نشانہ بننا ہے۔ اگر میری جان اس عظیم اور مقدس مشن ہی کی نذر ہونا ہے تو میں تیار ہوں مجھے یہ چیلنج قبول کر کے خوشی ہو گی۔ براہ کرم گورباچوف کو بتا دو کہ افغان جنگ

چاہے وہ اسلامی کانفرنس ہو، غیر وابستہ ممالک کی تنظیم ہو یا اقوام متحدہ، وہ ہر کہیں پوری قوت سے افغان جہاد کی وکالت کرتے اور تنبیہ کرتے اور افغان مجاہدین کی مدد کے لئے اٹھ کھڑے ہوں۔ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے افغان جہاد کی عملی امداد کا سلسلہ شروع رکھا حالانکہ اس مرحلے میں وہ بالکل یکہ و تنہا تھے۔ کچھ نکتہ چینوں کا خیال ہے کہ ضیاء الحق شہید نے افغان جہاد کی مدد

میں ضیاء الحق کے مشن کی تکمیل کے لیے میدانِ سیاست میں آیا ہوں

تقریباً ختم ہو چکی ہے۔ اب روسیوں کے پاس افغانستان سے نکل جانے کے سوا کوئی راستہ نہیں ہے انشاء اللہ وہ وقت دور نہیں جب کابل کی جامع مسجد میں نماز شکرانہ ادا کروں گا۔"
ضیاء الحق شہید نے افغانستان کی جنگ کو کبھی محض افغانیوں کا مسئلہ خیال نہیں کیا۔ وہ کسی بھی اسلامی ملک کے مسئلے کو پوری امت مسلمہ کا مسئلہ خیال کرتے تھے۔ انہوں نے کئی سالوں پر پھیلی مسلسل مساعی کے ذریعے اپنے اس تصور کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی۔ انہوں نے افغانستان کا مسئلہ بین الاقوامی پلیٹ فارم پر اٹھایا،

امریکیوں کے اشارے پر کی اور وہ اس کے ذریعے اپنے عرصہ اقتدار کو طول دینا چاہتے تھے۔ اگر میرے یہ دوست اپنی تھوڑی سی قوت حافظہ کو کام میں لائیں تو انہیں اندازہ ہو گا کہ امریکی امداد کا سلسلہ تو افغانستان میں روسی مداخلت کے کوئی تین سال بعد شروع ہوا۔ اس طویل عرصے میں ضیاء الحق تن تنہا افغان مجاہدین کی سرپرستی کرتے رہے کیونکہ اسے وہ کسی سیاسی مصلحت کے بجائے اپنے ایمان و یقین کا حصہ سمجھتے تھے۔ اس مقصد کے لئے ضیاء الحق اپنے دوستوں کی وکالت اور مشوروں کو بھی خاطر میں نہ لائے اور

مقبوضہ کشمیر میں موجودہ تحریک آزادی کا کریڈٹ میرے والد کو جاتا ہے

مجاہدین کی کٹی پھٹی۔ قوت کے ساتھ روس جیسی سپرپاور سے ٹکر لینے کا تاریخی فیصلہ کر لیا۔ وقت نے ثابت کر دیا کہ ضیاء الحق کی قوت ایمانی کس قدر غیر متزلزل تھی۔ انہوں نے ۱۹۸۰ء میں پاکستان میں اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ کا اجلاس طلب کیا اور ان سے یہ تجویز منظور کروانے میں کامیاب ہو گئے کہ کوئی اسلامی ملک براہ راست روس سے بات چیت نہیں کرے گا۔ یہ مسلم امہ کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی کا بے مثال مظاہرہ تھا۔ اس کانفرنس کے ذریعے اسلامی ممالک کو اندازہ ہوا کہ ضیاء الحق کے دل میں اسلام اور امت مسلمہ کے لئے کتنی تڑپ ہے۔

افغانستان ، امت مسلمہ کو درپیش واحد

انڈین لیڈر جنگ سے خوف زدہ رہتے

مسئلہ نہ تھا جس پر ضیاء الحق کا دل کڑھتا تھا۔ جب ایران اور عراق کے درمیان جنگ چھڑ گئی تو ضیاء الحق نے دونوں ممالک کے متعدد دورے کئے اور جنگ رکوانے کے لئے انتھک کوششیں کیں۔ یہ انہی کوششوں کا ثمر تھا کہ امت مسلمہ ایک فیصلہ پر متفق ہو گئی اور امہ امن کمیٹی آخر کار سرفراز میں کامیاب ہو گئی۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ ضیاء الحق شہید کے عہد میں اسلامی کانفرنس انتہائی متحرک تھی لیکن ان کی شہادت کے بعد سے یہ تنظیم بڑی حد تک غیر فعال اور غیر موثر ہو کر رہ گئی ہے۔

افغان جہاد کی کامیابی ضیاء الحق کا جزو ایمان بن چکی تھی اور کابل میں اسلامی حکومت کا قیام ان کا عظیم ترین مشن تھا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ جب کوئی بھی نمایاں غیر ملکی شخصیت ان سے ملنے آتی وہ اپنی میز پر افغانستان کا نقشہ پھیلا لیتے اور خود افغان مسئلے کے مختلف پہلوؤں پر بریفنگ دیتے۔ انہوں نے پورے خطے کی "سلائیڈز" بھی تیار کروا رکھی تھیں جن میں افغانستان کو سرخ رنگ سے ظاہر کیا گیا تھا۔ وہ یہ سلائیڈز دکھا کر بڑے وکیلانہ انداز میں بتلاتے کہ روس کس طرح خلیج کے علاقوں تک رسائی حاصل کرنے کی فکر میں ہے۔ اسی طرح کی خشک اور تھکا دینے والی لاتعداد نشستوں کا نتیجہ تھا کہ آخر کار مغرب کو روسیوں کے اصل عزائم کا احساس ہو گیا اور انہوں نے اس بات کو تسلیم کر لیا کہ افغان تحریک مزاحمت کی مدد کرنا دراصل خود اپنے مفادات کا تحفظ کرنا ہے۔

ضیاء الحق شہید کو خارجی محاذ پر ہی نہیں، داخلی طور پر بھی بہت سی مشکلات کا سامنا تھا۔ خود حکومت کے اندر سے ان کے لئے پریشانیاں پیدا کی جا رہی تھیں۔ اس وقت ایک نئی جمہوری حکومت کاروبار مملکت چلا رہی تھی۔ یہ حکومت روسیوں کی طرف سے کی جانے والی تخریب کاری کی وارداتوں اور بموں کے دھماکوں سے پریشان تھی۔ یہ سب کچھ اس موقف کا نتیجہ تھا جو ضیاء الحق شہید نے اختیار کر رکھا تھا۔ وہ روسیوں کے ساتھ ایک معاہدے کے بارے میں خاصی گرمجوش تھی۔ اس موقع پر ضیاء الحق شہید نے منفی مساوات کا اصول تسلیم کروا لیا جس کے تحت یہ شق شامل کی گئی کہ اگر روس، نجیب انتظامیہ کو ہتھیار سپلائی کرنا جاری رکھے گا تو پھر افغان مجاہدین کے لئے بھی اسلحہ کی سپلائی پر کوئی پابندی نہیں ہو گی۔ انہوں نے آخری لمحے تک ایک عبوری حکومت کے قیام کی شق بھی شامل کرنے کی کوشش کی۔ بعد کے حالات و واقعات نے ثابت کر دیا کہ ان کا نقطہ نظر کس قدر درست تھا۔

مجھے صدر ضیاء الحق شہید اور بھارت کے آنجہانی وزیراعظم راجیو گاندھی کے درمیان ہونے والی ایک دلچسپ گفتگو کے بارے میں بھی علم ہے۔ جب جنیوا معاہدے پر دستخط ہونے والے تھے تو میرے والد لاہور کے دورے پر تھے جہاں گھوڑوں اور مویشیوں کا سالانہ میلہ منعقد تھا۔ راجیو گاندھی نہ جانے کب سے ٹیلی فون پر بات کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ بالآخر لاہور میں کال مل گئی۔ راجیو نے بتایا کہ میں تین بار پہلے بھی ٹیلی فون ملانے کی کوشش کر چکا ہوں اس کے بعد بھارتی وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کو بھی جنیوا معاہدے کے پورے عمل میں شریک کیا جائے۔ ضیاء الحق شہید نے جواب دیا " بھارتی حکومت نے گذشتہ نو دس سالوں سے افغان مسئلے پر چپ سادھ رکھی ہے اور خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ اب آپ پر اچانک اس حقیقت کا انکشاف ہوا ہے کہ بھارت کی شرکت کے بغیر افغان مسئلے کا کوئی معقول حل تلاش نہیں کیا جا سکتا۔ انشاء اللہ آپ بہت جلد کابل پر افغان

ضیاء الحق کی افغان پالیسی نے ہی روس جیسی سُپر پاور کو شکست دی

مجاہدین کی حکومت دیکھیں گے۔" اس پر بھارتی وزیراعظم نے جواب دیا "مسٹر پریذیڈنٹ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ مجاہدین ایک مستحکم جمہوری حکومت قائم کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اگر ان کی حکومت قائم ہو بھی گئی تو بدامنی، افراتفری اور قتل و غارت گری کے سوا کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔" صدر نے جواب دیا " مجھے آپ سے اتفاق نہیں ہے۔ اگر مجاہدین اپنی آزادی کی خاطر ایک سپرپاور کی مضبوط ترین فوج کی مزاحمت کر سکتے ہیں اور اسے شکست سے دوچار کر سکتے ہیں تو پھر وہ جمہوریت کیوں قائم نہیں کر سکتے۔ مجھے یقین ہے کہ ان کا جمہوری نظام، پاکستان اور بھارت کے جمہوری سسٹم سے کہیں بہتر ہو گا اس لئے آپ معاہدہ جنیوا کے بارے میں خواہ مخواہ پریشان نہ ہوں۔" یہ بھارت کی طرف سے افغان مسئلے میں مداخلت کی آخری کوشش تھی۔

اس واقعہ کا تذکرہ کرنے کا مقصد صرف یہ بتانا تھا کہ ضیاء الحق شہید افغانستان کے مقدس مشن پر کتنا پختہ ایمان رکھتے تھے اور اس مشن کے ساتھ ان کی کتنی گہری وابستگی تھی۔ اسی ایمان کا نتیجہ تھا کہ وہ نہ صرف روس کے سامنے تن کر کھڑے ہو گئے بلکہ وہ بھارت سے بھی دو دو ہاتھ کرنے پر تیار تھے۔ اندرون ملک ان کا سب سے بڑا اور بنیادی مقصد صرف ایک ہی تھا اور وہ تھا نفاذ شریعت۔ ضیاء الحق شہید کی آرزو تھی کہ وہ پاکستان میں ایک صحیح اسلامی معاشرے کی تشکیل کریں۔ اگر مجھ سے کہا جائے کہ میں پاکستان میں ضیاء الحق شہید کے سب سے بڑے کارنامے کا نام لوں تو میں ایک لمحے کی جھجک کے بغیر کہوں گا اسلامی نظام کے قیام کے لئے سنجیدہ اور ٹھوس کوششوں کا آغاز ضیاء الحق شہید کا سب سے بڑا کارنامہ تھا۔ اللہ کے فضل و کرم سے شریعت بل منظور کر کے ہم نے کم از کم محدود پیمانے پر ہی سہی، کسی قدر کامیابی حاصل کی ہے۔ لیکن اسے ضیاء الحق کے حقیقی مقاصد کا عشر عشیر بھی نہیں کہا جا سکتا۔ اسلامائزیشن کے سلسلے میں ان کا ایک انتہائی اہم اور قابل ذکر کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے قرارداد مقاصد کو آئین کا مستقل حصہ بنا دیا۔ اگرچہ اسلامی نظریاتی کونسل ۱۹۷۳ء کے آئین کا حصہ تھی لیکن یہ ضیاء الحق شہید ہی تھے جنہوں نے نظریاتی کونسل کو نہ صرف پوری طرح متحرک کیا بلکہ اس کی تشکیل نو بھی کی اور اسلامائزیشن کے عمل میں اسے ایک انتہائی فعال ادارے کے طور پر استعمال کیا۔

اسلامائزیشن کے عمل کی تشریح شاید اتنی آسان نہیں کیونکہ یہ معاشرے کو غیر محسوس انداز میں اسلامی تہذیب و اقتدار سے ہمکنار کرنے کا ایسا عمل تھا جو مسلسل غیر محسوس انداز سے جاری رہا۔ مثلاً آج تمام سرکاری تقریبات کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوتا ہے۔ تمام پروازوں کی ابتداء قرآن پاک کی تلاوت سے ہوتی ہے۔ تمام سرکاری دفاتر میں نماز کا وقفہ، تمام عوامی جگہوں پر نماز کے لئے ضروری اہتمام کیا جاتا ہے۔ یہ باتیں اب معمول کا حصہ نظر آتی ہیں لیکن کم ہی لوگ یہ سوچنے کی زحمت گوارا کرتے ہیں کہ ان باتوں کا آغاز کب ہوا۔ ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر آذان نشر ہونا، خبروں سے پہلے السلام علیکم اور احترام رمضان کے لئے قوانین سب کچھ ضیاء دور کی یادیں ہیں۔ جب وہ اقوام متحدہ خطاب کرنے گئے تو اس بین الاقوامی ادارے کی تاریخ میں پہلی بار تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ پیش کیا گیا۔ انہوں نے ہر سال سیرت کانفرنس اور علما و مشائخ کانفرنس کو مستقل حیثیت دے دی تھی۔

ضیاء الحق کی سحر انگیز شخصیت کا کمال تھا

سانحہ بہاولپور کے بعد جب میں ۱۹ اگست ۱۹۸۸ء کو پاکستان پہنچا تو میرے ذہن کے کسی گوشے میں یہ بات نہیں تھی کہ میں سیاست میں حصہ لوں گا۔ میں تو بس ایک ہی بات سوچ رہا تھا کہ میرے سر سے والد کا سایہ اٹھ گیا ہے اور مجھے بڑا ہونے کے ناطے نہ صرف سب کو سہارا دینا ہے بلکہ نئے حالات کا مقابلہ بھی کرنا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ میں خود بہت پریشان تھا اور عالم میں میری والدہ نے مجھے سہارا دیا۔ ملک کے گوشے گوشے سے ہزاروں افراد تعزیت کے لئے آئے تو مجھے پہلی بار اندازہ ہوا کہ ضیاء الحق شہید کا ایک لیڈر کی حیثیت سے عوام کی نظروں میں کیا مقام تھا۔ افغان مجاہدین نے شہید کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور افغان سپریم کونسل نے انہیں " شہید جہاد افغانستان " کا لقب دیا۔ مجھے اس عزت و مقام کا کچھ کچھ اندازہ تھا لیکن ان دنوں عوام کے جن جذبات عقیدت و محبت کا اظہار ہوا وہ میرے لئے بالکل نئی بات تھی۔ مجھے اعلیٰ سرکاری حکام نے بتایا کہ وہ شہید کے جنازے میں ۲۵ سے ۳۰ ہزار افراد کی توقع کر رہے تھے۔ لیکن ضیاء الحق کے دوستوں اور دشمنوں اور سیاسی پنڈتوں میں سے کسی کو بھی اندازہ نہ تھا کہ اس دن اسلام آباد میں لاکھوں انسانوں کا سمندر جمع ہو جائے گا اور ضیاء الحق کا جنازہ عالمی تاریخ کا سب سے بڑا جنازہ کہلائے گا۔ جنازے کے عظیم اجتماع نے پاکستان کی سیاست میں ضیاء الحق کے کردار کو امر

کر دیا۔

جلد ہی مجھ پر شہید کے دوستوں اور مداحوں کی طرف سے زور دیا جانے لگا کہ میں سیاست میں حصہ لوں۔ سچی بات یہ ہے کہ مجھے اپنے عظیم والد کے مشن کو جاری رکھنے کے بارے میں اپنی صلاحیتوں پر بھرپور اعتماد نہیں تھا۔ چنانچہ میں کسی نہ کسی بہانے اس بات کو ٹالتا رہا یہاں تک کہ انتخابات کا زمانہ آگیا۔

ان دنوں میاں نواز شریف ہمارے گھر تشریف لائے اور میری والدہ سے اصرار کیا کہ اعجاز یا انوار دونوں میں سے کم از کم کسی ایک کو سیاست میں حصہ لینے کی اجازت دی دیں۔ میرا خیال ہے کہ ہمارے والد کے جنازے کے بے مثال اجتماع نے ہمارا سیاسی تشخص واضح کر دیا تھا۔ اگرچہ اس وقت تک ہمیں اس بات کا اندازہ نہیں تھا۔ میں نے میاں نواز شریف صاحب سے کہا کہ وہ خود آگے بڑھیں اور ضیاء الحق شہید کے مشن کو جاری رکھیں۔ اس وقت تک شہید کے بارے میں پائے جانے والے پرجوش جذبات پر کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں کر رہے تھے۔ سردار عبدالقیوم نے ایک عوامی جلسے میں واضح طور پر اعلان کیا کہ وہ اسلامی نظام کے قیام اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لئے ضیاء الحق شہید کے مشن کو پورا کریں گے۔

میں ابھی تک ذہنی طور پر اس طرح کی کوئی ذمہ داری اٹھانے پر آمادہ نہیں تھا۔ انہی دنوں ایک عجیب پیش رفت ہوئی جس نے مجھے چونکا کر دیا۔ میں نے ایک پریس کانفرنس بلائی جس میں ۱۵۰ سے زائد ملکی اور غیر ملکی پریس رپورٹرز نے شرکت کی۔ میں حیران ہوا کہ پریس کانفرنس کے فوراً بعد کچھ سرکاری لوگ مجھے سیاست سے دور رہنے کے مشورے دینے لگے۔

میں جہاں کہیں بھی گیا میرے والد کے مداحوں اور چاہنے والوں نے مجھ پر زور دیا کہ میں سیاست میں ضرور حصہ لوں اور یوں میں اپنے آپ کو اخلاقی طور پر پابند سا محسوس کرنے لگا۔ کراچی میں ایک بہت بڑے جلوس کے درمیان، میں ٹرک پر میاں نواز شریف، جناب غلام مصطفیٰ جتوئی، قاضی حسین احمد، جناب محمد خان اور کچھ

دوسرے لیڈروں کے ساتھ سٹیج پر بیٹھا تھا۔ ہجوم سے مرد مومن مرد حق کے نعرے بلند ہو رہے تھے۔ اسی دوران میاں نواز شریف نے دوسرے لیڈروں کے ساتھ میرے سیاست کا موضوع چھیڑ دیا۔ تقریباً سبھی نے مجھے مشورہ دیا کہ مسلم لیگ میں شمولیت کا اعلان کر دوں۔ اس دن اس جلوس کے دوران میں نے سیاست میں حصہ لینے اور مسلم لیگ میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا۔

اگر میں چاہتا تو بالکل ابتدا میں ہی دوستوں کے اصرار کرنے پر سیاست میں کود پڑتا لیکن میں نے ایسا نہیں کیا۔ میں نے کافی غور و خوض اور بے شمار شخصیات سے مشورے کے بعد یہ فیصلہ کیا۔ ... والد ایک طویل عرصے تک پاکستان کے مقتدر اعلیٰ رہے ہیں اور میں نے اقتدار کو ... سے دیکھا ہے۔ میرے ... اقتدار ... کوئی ہوس نہیں ہے ... پیش نظر سیاست میں حصہ لینے کا صرف ایک ہی مقصد ہے، ضیاء الحق شہید کے مشن کی تکمیل -------- یہ مشن کیا ہے؟ پاکستان میں قرآن و سنت کی بالادستی اور صحیح اسلامی معاشرے کی تشکیل۔ میرا تمام شہدائے بہاولپور سے یہ عہد ہے کہ میں افغانستان اور کشمیر کے مقاصد کو کبھی مجروح نہیں ہونے دوں گا۔ ان مقاصد کے لئے میرے والد اور دوسرے شہداء نے اپنی جانیں قربان کیں اور میں اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ ان کی تکمیل کے لئے ہر ممکن کوشش کروں۔ یہ بہاولپور کے شہداء کے خون کی پکار بھی ہے اور ان بیٹیوں اور بہنوں کا قرض بھی جو افغانستان اور کشمیر کے پہاڑوں میں اپنی عصمتوں کی دولت لٹا بیٹھیں۔

... الحرمین شریفین شاہ فہد کیساتھ ناقابلِ فراموش اعتماد اور محبت کا رشتہ

ممتاز قومی مذہبی و سیاسی رہنما، رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالستار خاں نیازی کے اعزاز میں پاکستان اور سیز پروموٹرز ایمپلائمنٹ ایسوسی ایشن راولپنڈی زون کے استقبالیے کی روئیداد

محترم المقام جناب مولانا محمد عبدالستار خاں نیازی ممبر قومی اسمبلی

آج یہاں آمد پر ہم سب آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دلی طور پر ممنون ہیں کہ آپ نے دوسری مرتبہ ہماری درخواست کو شرف پذیرائی بخشا۔

جناب عالی!

آپ ایک ممتاز عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ نڈر اور بے خوف سیاستدان کے طور پر مشہور ہیں آپ جو کہتے ہیں وہ کر بھی گزرتے ہیں۔

آپ کے منہ پر آپ کی تعریف بے جا خوشامد نہ سمجھی جائے تو عرض کروں، آپ کی خداخوفی، بے باکانہ طرز سیاست اور اپنے موقف پر سختی سے ڈٹے رہنے کے سبب بیوروکریسی، آپ کے احکامات سے ہرگز روگردانی کی جرآت نہیں کر سکتی تھی۔

جناب محترم!

آپ عوام میں سے ہیں، عوام کے ساتھ رہے ہیں، عوام کے ساتھ ہیں اور عوام کے مسائل کا پورا پورا ادراک رکھتے ہیں۔ یقیناً آپ کو ہمارے مسائل سے آگاہی کے بعد ہمدردی بھی ہوگی۔

پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ایسوسی ایشن زونل باڈی کے اس اہم اجلاس میں آپ کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک بار پھر نئی مشکلات کے بارے میں کچھ عرض کرتا ہوں۔ آپ کا قیمتی وقت تو صرف ہوگا لیکن اگر ہماری گزارشات سن کر آپ نے دلجوئی کی اور دستگیری فرمائی تو ہم ہمیشہ

آپ کے ممنون احسان رہیں گے۔ اگرچہ یہ باتیں ایسی نہیں جنہیں دوہرانے پر قند مکرر کا مزہ آئے مگر بقول غالب

ہر چند ہو مشاہدہ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

جناب محترم!

ہم اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز ۱۹۷۹ء کے امگریشن آرڈیننس کے تحت وضع کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق افرادی قوت، بیرون ملک بھیجنے کا کام سرانجام دے رہے ہیں۔ اس آرڈیننس کے نفاذ کو لگ بھگ بارہ برس ہو رہے ہیں۔ ابتداء سے آج تک بیورو آف امگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ، وزارت افرادی قوت کے ڈویژن کا ایک حصہ ہے اور وہی اس آرڈیننس کے نفاذ کی ذمہ دار ہے۔ بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر بارہ برس قبل نافذ شدہ آرڈیننس کی کچھ شقیں فوری تبدیلی کی متقاضی ہیں کیونکہ ان قوانین کے ذریعے بیوروکریسی کو بعض ایسے اختیارات دے دیئے گئے ہیں جو افرادی قوت کی ایکسپورٹ کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔

ہماری ایسوسی ایشن نے اس سلسلے میں چند مفید تجاویز بار بار افرادی قوت کی وزارت کو بھیجی ہیں آپ سے ہمیں توقع ہے کہ ملک و قوم کے بہترین مفاد میں آپ اپنے اثر و رسوخ سے ان تجویزوں اور ترامیم کو جلد از جلد امگریشن رولز کا حصہ بنوا دیں گے تاکہ بیوروکریسی پر رشوت کے دروازے بند ہو سکیں۔

جناب والا! پروموٹرز برادری خاصی طویل مدت سے ملک کو خوشحال بنانے اور بیروزگاری ختم کرنے کی جدوجہد میں حکومت کی معاونت کر رہی ہے۔ کارکنوں کو بہتر شرائط پر روزگار دلانے کے لئے ہماری ایسوسی ایشن رات دن کوشاں رہتی ہے۔ ملک کے وقار میں اضافہ ہمارے لئے سب سے اہم ہے۔ ہم دراصل ہنرمند اور اہل کارکنوں کی شکل میں دوسرے ممالک کو پاکستان کے "غیر سرکاری سفیر" بھجوانے کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ کثیر زر مبادلہ حاصل کرنے میں بھی ہماری کوششیں ڈھکی چھپی نہیں ہیں، مگر جناب محترم! ان اہم مقاصد کی تکمیل میں ہمیں بے پناہ دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہماری مشکلات کا ازالہ وزارت محنت و افرادی قوت ہی کر سکتی ہے۔ ہم یہ کہہ کر "ناشکر گزاری" نہیں کریں گے کہ متعلقہ وزارت ہماری طرف سے بالکل ہی آنکھیں بند کئے ہوئے ہے۔

اس سے قبل وفاقی وزیر برائے محنت و افرادی قوت جناب اعجازالحق نے ہمارے مسائل کو نہایت توجہ سے سنا اور انہیں ہمدردانہ طور پر حل کرنے کا وعدہ بھی فرمایا مگر غالباً اپنی مصروفیات کے سبب وہ اس طرف پیش رفت نہ کر سکے۔ تاہم ان کی ہمدردانہ دلچسپی اور لگن کے ساتھ اب آپ کے عملی تعاون کی توقع سے ہمیں پوری امید ہے کہ جلد ہماری مشکلات دور ہو سکیں گی۔ ہم یہاں چوہدری ظہور الٰہیٰ مرحوم کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنے عہد وزارت میں ہماری خاطر خواہ حوصلہ افزائی کی اور افرادی قوت کی ایکسپورٹ کو بڑھانے میں مثبت کردار ادا کیا۔

سیکورٹی

لائسنس کی سیکورٹی جو ۱۹۷۹ء سے پہلے صرف بیس ہزار روپے تھی اور ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس کی صورت میں بھی قابل قبول تھی، بعد میں بڑھا کر ایک لاکھ روپے نقد

کر دی گئی۔ ہماری دانست میں ایک دم پانچ گنا اضافہ بہت زیادہ ہے۔ ہم نے وزارت سے نقد رقم کے بجائے ایک لاکھ روپے کے ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس اور این آئی ٹی یونٹس بھی قبول کرنے کی استدعا کی تھی مگر یہ استدعا صدا بہ صحرا ثابت ہوئی۔

بزنس ویزا کا حصول۔

جناب عالی! ہمارا جائز مطالبہ ہے کہ ملک کے لئے خطیر زرمبادلہ کمانے والوں اور بے روزگار افراد کو روزگار دلانے کا اہم قومی فریضہ انجام دینے والے پروموٹرز کو، افرادی قوت کی ڈیمانڈ حاصل کرنے اور پھر وقتاً فوقتاً اپنے بھیجے ہوئے کارکنوں سے رابطہ قائم رکھنے کے لئے بیرون ملک جانے کی ہر ممکن سہولتیں فراہم کی جانا چاہئیں۔ اس سلسلے میں وزارت خارجہ کو فوری طور پر متعلقہ ممالک سے پروموٹرز کے لئے بزنس ویزا دینے کی پرزور سفارش کرنا چاہیئے۔

لیبیا کی ڈیمانڈ۔

گزشتہ کئی برس سے، افرادی قوت، لیبیا بھیجنے پر پابندی عائد ہے حالانکہ پاکستانی کارکنوں کے لئے لیبیا بہت بڑی مارکیٹ ہے۔

آپ کی وساطت سے گزارش ہے کہ وزارت محنت و افرادی قوت، وزارت خارجہ سے اس سلسلے میں بھی رجوع کرے اور یہ ناروا پابندی ختم کرائے تاکہ پروموٹرز اپنے وطن کے لئے زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ کما سکیں۔

پبلک سیکٹر ڈیمانڈ

پبلک سیکٹر ڈیمانڈ پراسس کرانے کے لئے پرائیویٹ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز پر جو بے جا پابندیاں لگی ہوئی ہیں انہیں یکسر ختم کیا جائے اور اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن کو جو سہولتیں حکومت کی طرف سے حاصل ہیں، وہی ہمیں بھی مہیا کی

موجودہ حکومت
پروموٹرز
کے مسائل
حل کرے

جائیں۔ اس طرح پروٹیکٹر آف امگرنٹس کو براہ راست اجازت دینے کا اختیار دیا جائے۔

سٹیٹ بنک آف پاکستان

سٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے پروموٹرز کو زرمبادلہ کے لئے قانون کے تحت خاصا ہراساں کیا جاتا ہے۔ تبدیل شدہ حالات اور بین الاقوامی مسابقت کے سبب آجر کی طرف سے نہ تو ہمیں کمیشن ملتا ہے اور نہ ہی آمد و رفت کے اخراجات ملتے ہیں لہذا پروموٹرز کو زرمبادلہ کے قانون سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔

ایف آئی اے

جناب والا! ہماری التجاء ہے کہ ایف آئی اے کی زیادتیوں سے پروموٹرز کو فوری نجات دلائی جائے۔ ہمیں امگریشن قوانین کے تحت متعلقہ مسائل کو حل کرنے کا کوئی موقع نہیں دیا جاتا اور اکثر اوقات جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات میں الجھا دیا جاتا ہے۔

اس ضمن میں ہماری تجویز ہے کہ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کے خلاف تمام شکایات کی متعلقہ پروٹیکٹر آف امگرنٹس سے مکمل چھان پھٹک کرائی جائے اور کسی قانون خلاف ورزی کی صورت میں مروجہ قوانین کے مطابق ہی کارروائی کی جائے۔

تجارتی وفود میں نمائندگی۔

جناب محترم! ہمارا دیرینہ مطالبہ ہے کہ اوورسیز ایمپلائمنٹ ایسوسی ایشن کے مشورے سے پروموٹرز کو بیرون ملک بھیجے جانے والے تجارتی اور سرکاری وفود میں مناسب نمائندگی دی جائے۔ پروموٹرز بھی اس ملک کے باشعور باسی ہیں کوئی اچھوت نہیں پھر ان سے یہ غیر مساویانہ سلوک کیوں؟

مشرقِ وسطیٰ میں معاونت کا مسئلہ

جناب والا! مشرق وسطیٰ میں متعین لیبر اتاشی نہ صرف ہمارے ساتھ تعاون نہیں کرتے بلکہ اکثر اوقات ہمارے لئے مشکلات پیدا کرتے ہیں فرائض سے غفلت یہ افسران برتتے ہیں اور بدنامی ہماری ہوتی ہے۔

گویا بقول جوش

بدی کرتا ہے کوئی اور ہم شرمائے جاتے ہیں

ہم ملتمس ہیں کہ ان لیبر اتاشیوں کا قبلہ درست کیا جائے۔ ساتھ ہی ہماری یہ بھی گزارش ہے کہ لیبر اتاشیوں کو اس مقصد کے لئے بھی وافر فنڈز مہیا کئے جائیں کہ وہ تمام معروف اخبارات و رسائل میں افرادی قوت کی ایکسپورٹ کے بارے میں اشتہارات شائع کرا سکیں، بصورت دیگر ہمارے زرمبادلہ میں اضافے کے بجائے کمی کے واضح خطرات نظر آتے ہیں۔

اوورسیز ورکرز فاؤنڈیشن کی کارکردگی

جناب عالی! اوورسیز ورکرز فاؤنڈیشن کا تمام سرمایہ پروموٹرز ہی کی وساطت سے حاصل ہوتا ہے۔ اس فاؤنڈیشن کے قیام کا مقصد کارکنوں کی فلاح و بہبود بیان کیا جاتا ہے لیکن افسوس کا مقام ہے ہمیں بلکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

ہمیں سے رونق گلشن، ہمی سے فصلِ بہار
ہمیں کو نظم گلستاں پہ اختیار نہیں

کروڑوں روپے کی جمع شدہ رقم کا مصرف اس کی بنیادی روح سے متصادم ہے۔ اس

فاؤنڈیشن کے بورڈ آف گورنرز میں ہماری ایسوسی ایشن کو بھی نمائندگی دی جانا چاہیئے اور پہلے سے جمع شدہ سرمائے کے تمام مصارف کو ہمارے علم میں لایا جانا چاہیئے۔ یہ ہمارا حق بھی ہے اور جائز مطالبہ بھی۔

اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن

جناب محترم! گورنمنٹ کے تحت قائم ادارہ اوورسیز ایمپلائمنٹ کارپوریشن مسلسل خسارے میں جا رہا ہے۔ ہماری تجویز ہے کہ اس ادارے کو نج کاری، پالیسی کے تحت کسی پرائیویٹ سیکٹر کو دیا جائے یا اسے یکسر ختم کر دیا جائے اور حکومت کو مسلسل نقصان سے بچایا جائے۔

جناب والا! ان خشک معروضات کے بعد آخر میں ایک بار پھر ہم تہہ دل سے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر ہماری محفل کو رونق بخشی۔ ہماری عزت و توقیر میں اضافہ کیا اور ہمیں تقویت دی کہ ہم بالکل بے یارو مددگار ہرگز نہیں ہیں۔

آپ مصور پاکستان حضرت علامہ اقبال کے شیدائی اور قائداعظم کے فدائی ہیں۔ علامہ کا ارشاد ہے۔

نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیر

اپنی معروضات آپ کے گوش گزار کر ہوئے ہمیں یقین ہے کہ اگر آپ نے کرم فرمائی تو ہماری تقدیر بدلتے دیر نہ گی۔!

آپ کی دینی و دنیاوی ترقی کے نیک تمناؤں کے ساتھ اجازت۔

راجا امیر الرحمٰن
(وائس چیئرمین)

ابھرتی ہوئی فلمسٹار کرن کورے



A schoolboy reading the Holy Quran.

One of the Kingdom's Youth Hostels.

many well-respected rivals that were qualified for the finals of the Olympic's soccer competition. The Kingdom also sent teams in cycling, fencing and riflery. Accompanying the 78 athletes who represent Saudi Arabia at the Olympic was a contingent of folkloric dancers, artists and musicians who participated in the International Olympic Arts celebration.

In December 1984, the Kingdom's soccer team defeated the People's Republic of China 2-0 and won the Asian Gold Cup. In 1988, the Saudi soccer team upset the Korean selection and won the Asian games. These victories mark the continuing progress of sports in Saudi Arabia. The Kingdom's soccer national team for juniors won the third World Club held in Scotland in 1988.

Building the Future

The government exerts its efforts to make recreational opportunities available for many citizens in both the towns and the countrysides. Furthermore, it finances sports facilities, establishes clubs and send teams abroad to participate in regional and international contests. The Kingdom's government doesn't only encourage the development of physical abilities, but also widens the citizens' intellectual horizons. Meanwhile, the Kingdom's emphasis on sports and recreational activities is a part of its greater concern with the development of human resources. The combination between a high quality education and a strong sports program as well as recreational activities aims at giving the Kingdom's youth the opportunity to develop their utmost abilities.

An Educa–tional Institute

یہ جوانی، حسن اور ادائیں

A soccer match in the Kingdom.

International Stadium in Riyadh Accommodating 80,000-100,000 spectators and having Olympic-standard running tracks with a soccer field and a 3,000 person restaurant. It also has athletics halls as well as medical and information services.

Architecturally, the stadium was specially designed to block sun and heat. Other sports facilities are as follows :-

- King Fahd sports city in Taif.

- Prince Mohammad Bin Abdulaziz Sports City in Madinah.

- King Fahd sports city in Taif.

- Prince Abdullah Bin Galawi sports city in Hasa.

- Baha sports city.

- Prince Saud Bin Galawi sports city in Khobar.

- Jizan sports city (under construction).

-Magma'a sports city (under construction).

Sports facilities also include the following :-

1. Premises of the Olympic Committee and Sports Federations.

2. Sporting halls and swimming pools.

3. Headquarters of sports clubs including 11 of Category "A", 9 of Category "B" and 3 of Category "C".

4. Tourist cities including King Fahd's two tourist cities established in both Al-Khobar and Jeddah.

5. King Fahd Cultural Center.

6. 20 youth hostels.

7. Permanent youth camps where two caps were established in Hail and Taif.

8. Leadership qualifying institute.

9. Four public courts were established: two in Riyadh, one in Garodiya (Qatif) and one in Abha.

10. The General Presidency of Youth Welfare Hospital for sports medicine.

Sports centers and cities usually comprise the following :

- A 20,000-30,000 spectator stadium, a 300-bed hostels and



A Saudi Arabian delegation during the 1984 Los Angeles Summer Olympiad inauguration.

halls for seminars as well as kitchen and restaurant equipped with most-advanced equipments.

- Indoor athletics hall equipped with all public utilities and services for various sports activities.

- 400-spectator swimming hall with a swimming pool for beginners.

- A first-aid medical unit, public library, administrative offices, and a 400-person mosque. Centers are equipped with all necessary utilities and services.

- Uncovered courts for basketball, volleyball, handball, and tennis.

- Children gardens and parking lots.

Regional and International Competitions

The Kingdom's emphasis on sports has been accompanied in recent in recent years by its increasing presence in regional and international competitions. In addition, the first place in the Asian preliminaries qualified the Kingdom's national soccer team for the finals in the 1984 Olympic

games. Saudi Arabian athletes have been successful in competitions in serval Arabian, Gulf, and Asian meetings and championships. In 1982, the Saudi Arabian team won the first place



of the Arabian Cycling Championship held in the United Arab Emirates. In 1983, Saudi teams have won three championships : handball, volleyball, and tabletennis. Participation in these events gives the Kingdom's teams a chance to acquire the recognition and respect of other countries and is a source national pride for young and old alike.

Most important is that international events strengthen youth understanding for various cultures and give the participants the chance to form friendships, and establish friendly ties that mean much more than wins or losses on the playing field. For Saudi Arabia. international competition is a chance of learning from other people, and to make it clear for the world that progress and tradition can indeed coexist.

Perhaps, the best measure of tremendous progress that sports have made in Saudi Arabia came in the summer of 1984, when the Kingdom fielded its largest Olympic delegation at the summer games in Los Angeles. The Saudi soccer team challenged

falconer and his falcon.

demands tremendous skill and concentration. A special kind of dogs called Saluki, which can cover about 80 km. an hour, is used in this sport. This Saluki still retains its reputation as one of the world's finest hunting dogs.

Hunting with birds of prey is one of the earliest sports known to man. While falconry clubs can be found in America and most European countries, the Arabian Gulf is one of last remaining places in which the noble sport still thrives.

Catching and training the sought-after saker, peregrine or lanner falcon is as much a part of the thrill of falconry as the hunt itself, requiring patience, care and skill.

Hunting season usually lasts from November to March after which the falconer releases the bird to breed for the next season.

Horse and camel racing are from the traditional sports which have long history in the Arabian Peninsula. They continued due to the constant support represented at equestrian clubs. People who are interested in this sport gave attention to special kinds of Arabian horses and established stables for training and improving their offsprings.

A camel race occupies an important part of traditional sports. A major festival, attended by thousands, is held annually. The Custodian of the Two Holy Mosques inaugurates this gala attended by leading figures from the Gulf and the Arab World, and organized by the General Presidency of National Guard.

Contemporary Sports

Sports represents an important part of an overall government program aiming at the development of human resources in the Kingdom. During the 1970-75 first development plan, emphasis has been placed on human element in the establishment of sports facilities, and preparing recreational programs. Besides the construction of clubs for practising various sports, cultural and recreational activities such as soccer, basketball, volleyball, athletics and others.

Government Sports Programs and Facilities

The General Presidency of Youth Welfare was founded in 1947, and it is considered an independent agency for looking after youth affairs through implementing special programs, assuring the Islamic essence in preparing the youth for bearing responsibilities. the growth of the youth welfare budget from SR. 22.3 million in 1973-74 to SR. 2.740 million in 1984-85 reflects the country's concern with this sector. Necessary facilities for youth were constructed with a view to developing and building their personalities as good citizens. In addition, these facilities give them the opportunity of participating in the development of the nation and prepare them to bear responsibility in various fields throughout the country. They also offer opportunities for youth to develop their abilities and talents as well as expand their activities



YOUTH AND SPORTS THE GENERAL PRESIDENCY OF YOUTH WELFARE IN RIYADH

Youth Welfare

The government of Saudi Arabia has physically, socially, technically and culturally given great attention to the Saudi youth to be a shield for the Islamic Creed and the country, as well as a power participating in the development processes for the welfare of Saudi Citizen, the Country, and the Islamic Nation.

Traditional Sports

Falconry is one of the old and popular in Saudi Arabia. The falcon, the main tool of that sport, is specially rained by falconers. It is an exciting sport in which man and animal work together in precise co-ordination with one another. It is fast-moving and

all over the Kingdom.

The General Presidency of Youth Welfare implements sports, cultural and social programs and activities besides the holding of sports tournaments, contests and festivals and scouts camps inside and outside the Kingdom through sports clubs and federations.

Sports Federations

There are 14 Saudi Federations that supervise internal and external sports activities. Thorough their membership at the Arabs, Continental and International federations, they play an important role in making the decisions of these federations. These federations include soccer, basketball, handball, fencing, cycling, volleyball, athletics, swimming, table tennis, karate, taekwondo, judo, riflery, gymnastics, and sport medicine.

These federations are sponsored by the Saudi Arabian Olympic Committee. A number of Saudi Arabian sportsmen are members at the International Federations and their affiliated committees.

Sports Clubs

In 1982, there were 135 sports clubs in the Kingdom and this number increased to 153 clubs in 1987. These clubs are licensed by the government and vary in size and quality of facilities.

Most sports clubs supervise arts and clutural activities and contain libraries. Cultural, literary and religious seminars and meetings as well as theatrical and musical performances dealing with various arts, cultural and literary topics are also held at these clubs.

In 1402-03, the Kingdom had 5 integrated sports cities supervised by about 18 offices affiliated to the General Presidency of Youth Welfare. Two other cities are under construction. Also a sports stadium was established in Riyadh. Each sports city comprises playgrounds, swimming pools, libraries, hostels, and centers for talent development. This is in addition to modern facilities of club headquarters in all the Kingdom's cities.



Sports and Recreational Facilities

Twenty years ago, there were very little organized sports activities in the Kingdom but now, there are over 153 sports clubs for various activities including soccer, swimming, track and field and table tennis. The 1980-85 development plan witnessed the establishment of 26 new sports centers, 12 sports hall, 3 facilities for sports medicine and 15 swimming pools. In addition, 14 youth cultural and sports clubs are established each with 1,500 active members, These facilities are part of an integrated system of public utilities. They also play ann important role within the community for both the young and adults.

The Kingdom has constructed several modern stadium foremost of which is the King Fahd

Ambassadors of UAE, Kuwait, Sultanate of Oman with the honorable Guest. Group Photo

Military Attachi Saudi Arabia Embassy Visa Consular Mansoor Jabri and with Member Gust

Arab Diplomats Staff Commander Mohammad Ibrahim Hassain Military Liaison Officer U.A.E. Embassy. Ahmad al Khajah, Salem Arriami, Naseer al Ijlan, Saleh al Failakawi, Issa Al Farsi and Mohammad Al-Kawar. in Reception Group Photo

Honorable Gust at the Reception

Asif Ali Siddiqi and Mohammad Anis with Ambassador

Senior Jornalist Attend National day Reception Group

National Day of Saudi Arabia Special Supplement

of the Hon'ble President is being given much importance.

It is expected that the President Ghulam Ishaq Khan would have negotiations with top Saudi Arabia leaders including Shah Fehd and crown Prince Abdullah al Saud.

It is a striving need of the time that President Ghulam Ishaq Khan should negotiate on the issue of a joint defence of Pakistan and Saudi Arabia. Under the present circumstances and rapid changes in the world politics it is in the best interest of Muslim Umma that Saudi Arabia and Pakistan should arrange joint defence and also strengthen trade relations.

Nasser Ayed Al Juaid

Second Secretary Saudi Arabian Embassy Islam Abad

His Excellency Al-Syeed Yousef Mohd Al Matab Kani Ambassador of Saudi Arabia receiving Honorable Guests on the Reception National day of Saudi Arabia

Reception of National Day of Kingdom of Saudi Arabia

By Mohd Siddiq Al Qadri

To celebrate the **National Day** of the Kingdom of Saudi Arabia HE Ambassador **Yousef Mohd** Motabbakani hosted a beautifull reception at the Islamabad Holiday Inn 23th Sept 91 on Monday eveing. The Ambassador dressed in the iraditional Arabian Cloak, greeted the guests very warmly. It was an impressive gathering as the other attendence was large and at the peak of reception there was fardly any space to move. The guests were richly enjoying the festive atmosphere. A large number of Ambassadors from different countries, diplomats and military attaches in their will pressed smart uniforms furnished with glittering medals and decorations were present on the occasion. Interesting thing is that, on the reception of National Day of Saudi Arabia U.A.E. Ambassador Mohd Ahmed al-Mahmud, Sultanate of Oman Ambassador Abdullah Al-Musafar and Kuwait Ambassador Qasim Omer-Al Yaqoot receving the guests were with brother Yousaf Mohd al Matabbakani. They meet the guests with great hospitality. It seems that it looks like that it is the meeting of members of Gulf Cooperation Council.

Pakistan was represented by a large number of Ministers and senior politicions including former Prime Minister Mohd Khan Junejo, sanate Chairman Waseem Sajjad, Minister of State for Foreign Affairs Mohd Siddique Kanji, Information Minister Abdul Sttar Lalika, Interior Minister Ch. Shujaat Hussain, Minister for Religious Affairs Moulana Abdul Sattar Khan Niazi, State Minister for Producation Jam Mashooq Ali, Adviser to P. Mr. Asad Junejo Minister for State Law Ch. Abdul Ghafoor and Minister Industres Ch. Rasheed Ahmed. In addition Prime Minister Azad Kashmir Sardar Abdul Qayum Khan, Santor Maulana Samul Haq, Santor Qazi Latief Leader of Jamiat Ulema Islam, Maulana Mohd Madni, Hafiz Abdul Qader Ropari, Dr. Abdul Qadeer Khan and a very number of bureaucrats were also presents.

The reception was very well attended and all members of Saudi Embassy and other Arab Countries were dressed in "Chogha". Serval Ulema were also present. However, the participation from the fair sex was very low and a few ladies with smiles on their faces were present.

The crystal Hall room was tastefully decorated. The front wall presented the flags of Pakistan and Saudi Arabia with pictures of President Ghulam Ishaq Khan and Khadam ul Harmain King Fahd Bin Abdul *Aziz* on the sides. The side walls were on decorated with photographs of holy places in Saudi Arabia. Complete traditional atmosphere prevailed as one corner of the hall was occupied with a person sitting in tent offering dates and "Qalwa" in small cups.

On the side of the tent, a huge screen was placed depicting the life style of the modern welfare islamic State of Saudi Arabia. The guests enjoyed a variety of snacks which were being served and other delicacies, lavishly laid on a number of tables. The hosts also gifted the copies of the Holy Quran to the guests.

